بیعت حاصل کرنے کی کوشش کی۔ کیونکہ معاہدہ حسن کی رو سے حضرت حسین کو
ہی خلیفہ ہونا چاہئے تھا۔ اس نے حسین سے بیعت لینے کی ابھی نظر تھی اب
امام حسین خود ہی یزید کی بیعت کئے لیتے ہیں تو معاہدہ کی شرط ہی بیکار ہوئی جاتی
تھی امام حسین کے ساتھ عبداللہ بن زبیر اور عبدالرحمن بن ابوبکر نے بھی شدید اختلاف
کیا۔ عبداللہ بن عمر دوسالی قسم کے جواب دیتے تھے۔ لیکن جب ایک لاکھ درہم
کی رشوت ملی تو کھلم کھلا یزید کی بیعت کرلی۔ یہ وہی بزرگ ہیں جنہوں نے حضرت علی
کی بیعت سے انکار کیا تھا۔ مع دنیا بڑی بُری چیز ہے۔ شیخ بیت المال کا
روپیہ اس طرح ایمان کے خریدنے میں صرف کیا گیا۔

معاویہ حضرت امام حسین، عبداللہ ابن زبیر اور عبدالرحمن بن ابوبکر کو راہ راست
کی طرف لانے بہت زور لگایا۔ مگر کامیاب نہ ہو سکا۔ آخر میں معاویہ نے ان تینوں
بزرگوں سے کہا کہ اگر اہل شام کو تمہارے بیعت سے انکار کا علم ہو گیا تو قتل کر دئیے
جائیں گے اسی بہانہ سے اس نے برسر منبر اعلان کر دیا کہ ان سب نے یزید کی بیعت کرلی ہے
معاویہ کا یہ جھوٹا اعلان عائشہ کو سخت ناگوار گذرا۔ اور معاویہ کو اپنے سخت الفاظ
سنائے کہ جس کی پاداش میں معاویہ کے ہاتھوں ان کی زندگی کا خاتمہ ہو گیا۔ اس وقت صرف
بنی امیہ کے پجاری ہی زندہ رہ سکتے تھے۔ یہ تھی بنی امیہ کی سیاست جس کا معاویہ کی
موت تک عروج ہوتا چلا گیا۔ لیکن وہ فرزند رسول سے کسی قیمت اپنے اور
سے بھی یزید کی خلافت کے لئے بیعت حاصل نہ کر سکا۔ یقیناً ہر شخص کے ایمان
ایک قیمت ہوتی ہے۔ جب اسے وہ قیمت مل جاتی ہے تو بک جاتا ہے اور بازار
بر خرید و فروخت اس وقت بھی جاری ہے فرزند رسول کو ان کے زمانہ کی سب سے

کی سلطنت اور حکومت خرید سکی بلکہ آپ کو خریدنے کی کوشش میں خود انکا دیوالہ
نکل گیا۔ بس مومن کی پہچان یہ ہے کہ اسے قید و بند، قتل و غارت، لاٹھی جابک اور
گولیوں کی بارش مرعوب نہیں کر سکتی، وہ دولت، عورت، ... ریاست
ملازمت، منصب اور عہدوں کی لالچ میں اپنے معتقدات بدل نہیں سکتا۔ وہ کسی
قیمت پر بھی باطل سے مصالحت نہیں کرتا۔

یزید کا تعارف

یزید کے دادا جان یزید کا دادا ابو سفیان مشہور و معروف اسلام کا دشمن تھا یہ
اسلام کو آنحضرت کا ایک ڈھونگ سمجھتا تھا۔ اور اس نے نہایت ہی مجبوری کے عالم
میں اسلام قبول کیا تھا جس وقت اسلام کا لشکر بیرون مکہ خیمہ زن ہو گیا تو اہل مکہ نے
آگ کی روشنی دیکھی اور ابو سفیان کو تجسس حال کے لئے مجبور کیا۔ ابو سفیان مکہ سے باہر
نکلا ہی تھا کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے پہچان لیا اور اسے پکڑ کر آنحضرت کی خدمت
میں حاضر کیا۔ ابو سفیان نے احساس کیا کہ مسلمانوں کی طاقت اس قدر زیادہ بڑھ گئی ہے
کہ اب اس کا مقابلہ کرنا دشوار ہے وہ سمجھ گیا کہ اس وقت یہاں کچھ ایسے لوگ کھڑے ہیں جو
مجھے بغیر قتل کئے نہ چھوڑیں گے ان مجبوریوں سے ابو سفیان نے اسلام قبول کر لیا۔ مرتا
کیا نہ کرتا۔ مجبور انسان کو بے بسی میں سب کچھ کرنا پڑتا ہے۔

یزید کی دادی جان یزید کی دادی جان ہندہ تھی جو ابو سفیان سے پہلے کئی
شوہروں کی بیوی رہ چکی تھی اور کئی بار اس پر زنا کا الزام بھی لگ چکا تھا۔ میدان
احد میں وہ لشکر کفار کے ساتھ ساتھ پانچ اٹھائے ہوئے پنڈلیاں کھول کر اور دف بجا کر
اپنی سہیلیوں کے ساتھ قریش کے نوجوانوں کو جوش دلا رہی تھی کہ لشکر اسلام پر وہ حملہ کریں۔

ہے ہندہ جگر خوارہ اسی وجہ سے کہتے ہیں کہ اس نے امیر حمزہ کا جگر کاٹ کر چبایا تھا اور ان کی
انگلیوں کو کاٹ کر ان کا گلوبند بنا کے پہنا۔ فتح مکہ کے بعد اس نے حضرت سے معافی مانگی
(اسے معاف فرما دیا، مرید ہو گئی۔ یہ تھی بنی ہاشم کی کریم النفسی۔ عقل کے اندھے ہیں وہ لوگ
جو کہا اور لکھا کرتے ہیں کہ بنی ہاشم اور بنی امیہ میں خاندانی عداوت اور دشمنی تھی۔ اس
زاویہ نگاہ کو مہمل اور غلط کہ اس قسم کا خیال ہو ہی نہیں سکتا۔ اس لئے کہ بنو ہاشم کی کسی فرد نے
کبھی بنی امیہ کے ساتھ دشمنی نہیں کی جبکہ بنی امیہ لگاتار مسلسل اور ان تھک طریقہ سے
بنو ہاشم سے عداوت کرتے رہے۔ کہنا یہ چاہئے کہ بنی امیہ کی بنی ہاشم سے اتحاد کی تجارت
تھی جس کی وجہ سے بنی ہاشم کو ہمیشہ مصائب برداشت کرنا پڑے۔ حالانکہ انہیں اور منصب
پتے کہ بنی ہاشم نے امت کی۔

یزید کے اخلاق و عادات

ناز و عاشق مزاج یزید تخت سلطنت پر قابض ہوا تو اس کی
وہ سے آپے سے باہر ہو گیا۔ وہ عیش محل کر دی کہ
شاید ہی کوئی حسین عورت ایسی ہو گی جو اس کے پنجہ سے بچی ہو۔ جو بچیاں سوتیلی ماؤں کو بھی
اس نے نہ چھوڑا۔ حدیث ہے کہ ام المؤمنین حضرت عائشہ سے عقد کر لیتی ... اس کی کتوں سے
لہو و لعب، شطرنج، گھڑ دوڑ، مرغ بازی اس کے معمولی مشغلے تھے۔ لونڈوں بعد لونڈیوں کے
جلو میں شراب نوشی کرتا تھا۔ بندروں کو طلائی لباس پہنا کر گھوڑوں پر بازاروں میں پھرایا کرتا
جنت اور دوزخ سے صاف انکار کرتا تھا۔ اسلام کو برا کہتا۔ مجاہدین اسلام کو برے القاب
سے یاد کرتا تھا۔ نماز خیر سے اسے کوئی سروکار نہ تھا۔ اگر کبھی نماز پڑھی بھی تو نشہ کی حالت
میں جتنی رکعتیں چاہیں پڑھ لیں۔ کوئی کوئی نشانی ایسی نہ تھی جو اس میں اپنی زبان ...
میں ہوا اس کی بدکرداری کا یہی گندگی اثر لگی ہوئی نظر آتی ہے جن کو نقل کرتے شرم آتی ہے
بے غیرتی تو اپنے باپ معاویہ سے بھی زیادہ آزادی سے کرتا تھا۔ غضب تو یہ ہے کہ یہ سب

…کا یہاں جانشین ہونا بنا ہر یزید مسلمانوں کا خلیفہ اپنے کردار کا تھا

یزید کی معبودیت

…دولت اور سطوت کے نشہ میں مخمور یہ بنا قیادت اور…
اپنے باپ ہی کو خوش کرنے کے لیے … نے بہرحال کے مسلمانوں
…کی سختیاں کیں۔ معاویہ نے مختلف صوبوں کے گورنروں کو خفیہ طور پر یہ احکام جاری
…دیئے تھے کہ وہ ہر طرح کی سختی برت کر یزید کی خلافت پر بیعت لیں اور جو لوگ برضا
و رغبت یزید کو اپنا خلیفہ تسلیم کرلیں انہیں انعام و اکرام دیا جائے۔

یزید کے زمانہ میں ایک شخص شیخ عدی بن مسافر الاموی بڑا عالم اور صوفی مشہور تھا…
…ایک کتاب میں یزید کے متعلق یہ لکھا ہے۔

"یزید بن معاویہ رضی اللہ عنہ امام ابن امام اور خلیفہ ابن خلیفہ تھے۔ اور انہوں نے
جہاد فی سبیل اللہ کیا" مشہور محقق ابن تیمیہ نے اپنے رسالہ عدویہ میں اسی شیخ کے عقائد تحریر
کئے ہیں کہ "یزید نبی تھا جو اسکی نبوت میں شک کرے اس کا ٹھکانہ جہنم ہے جو اسے برگزیدہ
…نہ مانے وہ دوزخی ہے۔"

اس یزیدی فرقہ کے لوگ اب بھی قریب تیس ہزار شہر موصل کے متصل شیخان میں
آباد ہیں یہ یزید بن معاویہ کی پرستش کرتے ہیں ان کے سات معبود ہیں ان میں سے ایک یزید
اور دوسرا شیطان ہے جسے وہ بہت طاقتور سمجھتے ہیں۔ اس کا نام ہر وقت جپتے ہیں۔ اسی کا
نام لیکر ہر نیا کام شروع کرتے ہیں اور اسی شیطان کو مکرم و معظم اور تمام عبادتوں کا مستحق
قرار دیتے ہیں۔ اس یزیدی فرقہ کی دو آسمانی کتابیں الجلوہ اور مصحف رش ہیں۔ ان کی
…تیسوں میں کوئی شخص "ش" سے مرکب کوئی لفظ یا عبارت نہیں بول سکتا۔ کیونکہ "ش" سے
…نام و لفظ شیطان معظم کی توہین ہے۔ ان دونوں کتابوں کا مصنف شیخ حسن ہے اس نے
الجلوہ میں لکھا ہے کہ خداوند کریم نے دنیا کی سب قوموں سے افضل و اشرف فرقہ یزیدیہ…

کر دیا ہے۔ اور آپ نے صرف قثم میں کہا ہے کہ اسلام یہود، نصاریٰ اور اہل عرب نے
جہاد پر صرف فرقۂ زیدیہ ہی کرے گا۔ یہ اطلاق مہم فرقۂ شیعہ سے بیعت حاصل کر لینے
شروع کر دی۔

واقعہ کربلا کا پس منظر | یہ مختصر تمہید کربلا کے سانحۂ عظیم کا پس منظر پیش کرتا ہے

آنحضرت کا تبلیغ کردہ اسلام کس حد تک مسخ ہو چکا تھا اور آگے شبہ کرنے سے معلوم کیا
جو جاتا۔ وہ لوگ جو اسلام کی نمائندگی کر رہے تھے ان کو اسلام سے کس درجہ دلی
عداوت تھی۔ وہ کس غرض سے مسلمان ہوئے تھے وہ مسلمانوں کے بھیس میں اسلام
کو کس قسم کے کفر میں بدل دینا چاہتے تھے۔ دنیائے اسلام کی بیشتر آبادی حضرت
علی کو دشمن اسلام سمجھ کر ان پر سب و شتم کرنے کی عادی ہو گئی تھی۔ یزید یہی وہ
اسلامیہ دنیا کی سب سے بڑی سلطنت تھی لیکن اس تمام سلطنت میں کس قسم کے
مذہب کی تبلیغ کی جا رہی تھی یہ سب آپ کے پیش نظر ہو گیا۔ اب سوال یہ پید
ہوتا ہے کہ اگر یہی حالات قائم رہتی تو اس وقت نہ شیعہ ہوتے اور نہ سنی۔ اگر حضرت
امام حسین یزید کی بیعت کر لیتے تو امامت کی مہر تصدیق فرقۂ یزیدیہ پر لگ جا
اور یہی یزیدی مذہب یا اس سے بھی بدتر ایک جعلی اسلام نما کفر دنیا میں رائج
جاتا۔ پس حسین کے جیتے جی اسلام کی موت تھی اور ان کی شہادت میں اسلام
زندگی تھی۔ اس کے علاوہ کوئی اور صورت ناممکن تھی۔

حسینیت کا سیلاب | حسینیت کے اس عظیم طوفان کو کسی صورت

روکنا ناممکن تھا۔ سمندر کے موتی الجیریا، مراکش، تیونس، طرابلس، شام، فلسطین
حجاز، یمن، مصر، عراق، ایران، خراسان اور سندھ وغیرہ کے بیشتر مسلمان
کو خلیفۂ وقت گمراہ کر چکا تھا۔ وہ حضرت علی کو چوتھا خلیفہ بھی نہیں مانتے

اور وہ حضرت علیؓ پر سب و شتم کرتے تھے۔ وہ خوارج سے نفرت کرتے تھے لیکن وہ سنی بھی
نہ تھے۔ اور خلیفہ وقت معاویہ ہو یا یزید جو حضرت علی پر سب و شتم جمعہ کو منبر پر کیا
کرتے تھے وہ بھی سنی نہ تھے۔ اس لئے اگر حسینؑ مظلوم یزید کی بیعت کر لیتے تو یہ
سمجھا جاتا کہ بیٹے نے باپ پر تبرہ کو جائز قرار دیا۔ نواسۂ رسولؐ نے حضرت علی پر سب و شتم
اور یزید کی خلافت پر بیعت منظور فرما کر دی۔ نتیجہ تو یہ ہوتا کہ آپ اور جان نثاران علی
اور حضرت محمدؐ کا بیٹا تھا۔ اس نے بیعت سے اس کی تصدیق ہو جاتی اور دنیا کی گمراہی
اسلام کی تباہی کے ذمہ دار خود فرزند رسولؐ ہو جاتے۔

آج تیرہ سو پندرہ برس کے بعد تاریخوں کی دھندلی روشنی میں خود یزید کی
اس مسموم فضا کو ہم ناقص عقل سے دیکھ کر اس کی گندگی اور بے دینی سے ہول کھاتے ہیں
لیکن کہیں زیادہ حقیقی صورت حال سے امام حسینؑ واقف تھے اس عظیم الشان اصلاح
کے لئے ایک ایسی انمول طاقت کی ضرورت تھی جو رسول مقبول کی گمراہ امت کو اس زور
سے جھنجھوڑ دے کہ ان کے دلوں سے ایک دم ہی کفر و منافقت کی سیاہی دور ہو جائے
اور اسلام حقیقی کو اپنانے کے لئے ایک اٹل عزم و ارادہ پیدا ہو جائے۔ اس مقصد
...یت کا صرف واحد طریقہ تھا۔

انتہائی مظلومیت سے فرزند رسولؐ کی شہادت

کربلا کی خبر وحشت اثر کو سنکر ہر دل میں ایک زبردست دھچکا لگا۔ اور دنیا یہ جاننے
کے لئے بلبلا اٹھی۔ کون شہید ہوا؟ کیوں شہید ہوا؟ کیوں یزید کی بیعت سے
انکار کیا؟ کم سپاہ سے ٹڈی دل فوج کا مقابلہ کیوں کیا؟ حسینؑ اور ان کے
ساتھیوں کو کیسے شہید کیا گیا؟ کن کن لوگوں نے شہید کیا؟ وہ کہاں ہیں؟

اور بعد حشر میں ہو۔ یہ سوالات ہیں جو کہ آج بھی ایک خالی الذہن شخص (ہندو عیسائی ... تک) عیسائی، یہودی، پارسی اور ایک ناواقف مسلمان اپنے جی سے پوچھتا ہے۔ ...
ان کے جوابات کو نہایت ہی دلچسپی اور توجہ سے سنتا ہے

مقصد حسینؑ

حضرت حسینؑ ابن علیؑ دور یزید کے بڑھتے ہوئے منصبت ... منافقت کے طوفان سے بخوبی واقف تھے انکے پاس اس ...
علاج صرف اس محبت کا تریاق یعنی شہادت تھی اس لئے آپ اپنے ایک عظیم الشان ...
خوفناک قتل پر آمادہ تھے۔ آپ نے اس دلی ارادہ کو کسی سے بھی بیان نہیں کیا بلکہ ...
الوداع آ کے روضہ پر جا کر اپنے دل کے راز کو یوں بیان کیا۔ نانا جان- میں آپ کے ...
روضہ کو نہایت مجبوری سے چھوڑ رہا ہوں۔ مجبوری یہ ہے کہ اگر میں یزید پلید کی بیعت کر ...
ہوں تو آپ کا دین اسلام ہمیشہ کے لئے ختم ہو تا ہے اور اگر میں بیعت سے انکار کرتا ہوں تو قتل ...
کیا جاتا ہوں۔ مجھے آپ کے روضہ سے جدا ہو کر آپ کے دین کی حفاظت کے لئے جانا ...
معلوم ہوتا ہے۔ دعوت ذوالعشیرہ کے موقع پر حضرت علیؑ نے کار رسالت میں مدد کرنے کا وعدہ ...
فرمایا تھا۔ اسے انہوں نے اپنی زندگی میں خود پورا کیا اور اب ان کے فرزند حسینؑ نے پورا ...
کرنے کا قصد کر لیا ہے۔

یثرب سے کربلا تک

حضرت حسین ابن علیؑ موت کے خطرات سے بچتے ہوئے کربلا ... پہنچے اور کربلا جہاں کہ آپ نے بڑی سنگین ہولناک اور دردناک شہادت کے ...
تدبیریں کیں۔ تاکہ ایسی شہادت ایسی بڑی انقلابی ضرب بنیں کہ جن کے اثر سے لوگوں ...
کی منافقت دور ہو، اور اسلام پھر سے نکھرے۔
دنیا نے جب بیعت کے لئے فرزند رسولؐ کو طلب کیا تو اپنی جان کی حفاظت ...
کے لئے اپنے عزیزوں کو ہمراہ لیتے گئے اور ہدایت کر دی کہ جب میری آواز بلند ہو تو ...

کے گھر میں داخل ہو جانا۔ ولید سے کہا کہ تنہائی کی بیعت سے کوئی فائدہ نہیں جلسۂ عام
مجھ سے بیعت لینا تاکہ ہزاروں آدمی گواہ ہو جائیں۔ مدینہ کو اس لئے جلد تر چھوڑا کہ
یہاں قتل کر دیا گیا تو ایک معمولی حادثہ ہوگا اور بیعت سے مسلمانوں میں جو بے
سے بھی جاتیں رہے۔ مگر سوچ کر حج کو بھی اسی لئے ترک کیا کہ اگر یہاں مارا جاتا
تو حرم کی بے حرمتی ہوتی ہے۔ اور مگر شاید میرے قتل کا پرکشش قرآن ضرور ہو جائے گا
تو میں یا میری شہادت سے کوئی ایسا حادثہ عظیم پیدا ہوتا جس کو سن کر دنیا میرے
ہو جائے۔ دشمن بھی اسی وجہ سے ہٹتے گئے۔

کوفہ کا انتخاب

دنیا منع کرتی رہی مگر فرزند رسول نے کسی ایک کی بھی نہ سنی
ہی کی طرف روانہ ہو گئے کیونکہ آپ کو اپنی شہادت کو عظیم تر بنانا اور کوفیوں کی بیوفائی
اظہار کرنا تھی کوفہ کی نبض ٹٹولنے کے لئے آپ نے حضرت مسلم کو روانہ کیا۔ ان کی شہادت کی
سن کر آپ کو اطمینان ہوا کہ ہوا شہادت کے لئے سازگار ہے۔ اسلئے کوفہ کی سمت ہی روانہ
۔ مدینے سے روانہ ہونے کے بعد آپ نے ہر مقام پر اپنے ساتھیوں کو موت کا یقین دلا کر
ان کو چھانٹتے چلے گئے تاکہ لشکر کی صورت نہ بننے پائے۔ فرزند رسول تو صرف اپنی موت سے
انقلاب ذہنی پیدا کرنا چاہتے تھے۔ لشکر نے جو قدر کم ہوگا اسی قدر دنیا کو حق و باطل کی جنگ
یقین ہوگا۔ اور گم کردہ راہوں کو صراط مستقیم نظر آنے لگے گی۔ منزل شراف پر حر کے پیاسے لشکر
پانی پلا کر بنی ہاشم کی روایتی فیاضی کا ثبوت دیا۔ حر نے جب لجام فرس پر ہاتھ ڈالا تو
حضرت عباس نے حر سے جنگ کرنے کا ارادہ ظاہر کیا۔ مگر لڑنا مقصد حسین کے خلاف تھا
آپ تو موت کو ایک مخصوص وقت کے لئے ٹالنا چاہتے تھے اسلئے حضرت عباس سے یہ فرمایا
ہم ابتداء جنگ نہیں کرنا چاہتے اور شہادت کے لئے مناسب سرزمین کی تلاش میں
آگے بڑھے۔

ارضِ کربلا کا انتخاب

آپ اگر کوفہ تشریف لے جاتے تو آپ پر کوفہ پر چڑھائی کا الزام عائد کیا جاتا۔ اس لئے آپ نے کوفہ سے ۴۰ میل کے فاصلہ پر کربلا کے ریگستان میں اپنے خیمے نصب کرا لئے۔

یہ خبر پاتے ہی یزید کے دل میں دھڑکن شروع ہو گئی اور کوفہ میں ابن زیاد کا دل بھی بانسوں اچھلنے لگا۔ ابن زیاد یہ سمجھا کہ فرزندِ رسول کربلا میں رک کر کوفہ پر حملہ کرنے کی تیاری کر رہے ہیں ادھر یزید کو یہ خوف پیدا ہوا کہ اگر مشتاقین عراق کوفیوں نے فرزندِ رسول کا ساتھ دے دیا تو پھر شام پر عنقریب حملہ ہو جائے گا۔ ان دونوں کو یہ خیال پیدا ہوا کہ حضرت امام حسینؑ مختلف مقامات سے فوجی کمک ضرور طلب کی ہو گی۔ اس لئے تمام راستوں کی ناکہ بندی کر لی گئی یزید کی سلطنت میں ہل چل مچ گئی۔ یزید نے جہاں جہاں سے ہو سکتا تھا فوجیں منگا لیں اور کربلا روانہ کیں۔ اپنی ایک لاکھ تنخواہ دار سپاہیوں کی شامی فوج کو بھی خاص طور سے روانہ کیا۔ کوفہ میں ابن زیاد نے جبریہ بھرتی شروع کر دی اور جس قدر زیادہ سے زیادہ فوجیں مل سکیں ان کو کربلا روانہ کیا۔ یہ ارضِ کربلا کے انتخاب کا نتیجہ تھا کہ یزید کی سلطنت بھر میں یہ مشہور ہو گیا کہ یزید پر کسی خارجی نے خروج کیا ہے۔

فوجی تیاریوں کا مسلم خوابیدہ پر اثر

یزید کی سلطنت کے ہر شہر سے جب فوجیں مرتب ہو کر کربلا کو روانہ ہونے لگیں تو اس ہنگامہ کو دیکھ کر ہر صاحب نظر نے دریافت کیا کہ یہ کس سے لڑنے کی تیاریاں ہو رہی ہیں؟ کسی فنکار نے چپکے سے کان میں کہہ دیا کہ یہ سب کچھ فرزندِ رسول حضرت امام حسینؑ کو یزید کی بیعت پر مجبور کرنے کے لئے کیا جا رہا ہے۔ جب یزید نے ۶ محرم تک ارضِ کربلا کو ٹڈی دل فوجوں سے کھچا کھچ بھر دیا تو امام مظلوم کے چہرے پر اطمینان کی کیفیت پیدا ہوئی۔ وہ جو چاہتے تھے وہی سامنے آ گیا۔ موت

ے جان کی حفاظت کیلئے جو لے دوڑے کربلا جا آتے تھے ایسا ہی کوئی نکلے
تیار ہو گئے۔ فوجیں چونکہ بہت سے شہروں سے اور بہت سے راستے سے شروع
آ رہی تھیں اس لئے ہر شہر کے باشندے کربلا کی جنگ کا بے چینی سے انتظار
کرنے لگے۔

شامی اور کوفی فوجوں کا منظر

فرات کے متصل ارض کربلا پر شامی اور کوفی
سے فرزند رسولؐ کے مختصر قافلہ کا محاصرہ کیا۔ شامی سپاہی تو یزید ہی کو رسولؐ کا
ترین عزیز اور حضرت امام حسینؑ کو دشمن اسلام سمجھتے تھے اس لئے وہ اپنے ملکوں
ان آوازاں کئے نعرہ لگاتے ہوئے دشت کربلا کو بلاتے ہوئے دشمن اسلام سے جہاد
ت سے آئے تھے لیکن کوفی سپاہی اکثر و بیشتر فرزند رسولؐ کو جانتے اور پہچانتے بھی
دونوں فوجیں جب ایک ساتھ خیمہ ڈال کر دشت کربلا پر مقیم ہوئیں تو ان کو یہ دیکھ کر حیرت
کہ فرزند رسولؐ کے پاس نہ فوج ہے اور نہ کچھ سامان ہے یہ مقابلہ کیسے کر سکیں گے
کا گمان غالب تھا کہ فرزند رسولؐ کی مدد کے لئے کہیں سے ایک تازہ فوج آنے والی ہے
لئے ہر راستہ پر دور دور تک پہرہ بٹھا دیا گیا۔ ادھر یزید کو یہ دھڑکن ہو رہی تھی کہ اگر
رسولؐ کے پاس کمک پہنچ گئی یا متلون مزاج کوفیوں نے تقاضائے بنی ہاشم کا ساتھ
تو میری ساری تنخواہ دار شامی فوج جس کے بل پر میں خلافت کر رہا ہوں کٹ جائے گی
لئے وہ عمر سعد کو خط پر خط لکھ رہا تھا کہ جلدی کر اگر حسینؑ بیعت سے انکار کریں تو فوراً انکا
سر کو روانہ کر۔ یزید اس وقت بڑا بدحواس تھا۔

وہ کوفی سپاہی جو فرزند رسولؐ سے واقف تھے ان میں سے کچھ یہ سوچ رہے تھے کہ یزید
رسولؐ کو قتل کرنے کی حماقت نہ کرے گا۔ یزید اور فرزند رسولؐ میں صلح ہو جائے گی۔
وہ حیرت کر رہے تھے کہ یہ کون آدمی ہے جو موت سے نہیں ڈرتا۔ روز عاشور تک

یزیدی فوج کے سپاہیوں کو معلوم ہو گیا کہ وہ جسے خارجی کہا جا رہا ہے کوئی اور
نہیں بلکہ حسین ابن علیؑ تھے جن پر ظلم کر چکے ہیں۔ اب شامی فوج ندامت محسوس کرنے لگی اور
فوج پر شرم سے پچھتاوے طاری تھی

حضرت امیر معاویہ بیس سال تک | فرزند رسولؐ کی فتح کا آغاز

حاکم اعلیٰ کی حیثیت سے ایک شام میں رہ چکا تھا۔ اس لئے بنو امیہ اور شامیوں سے
گہرے تعلقات تھے۔ چونکہ دشمن اسلام ابو سفیان کے بیٹے معاویہ کو حضرت عمر خلیفہ ثانی نے
کو اسی ملک شام کا گورنر بنا دیا تھا۔ شام کی بدقسمتی ... آنحضرتؐ کے صحابی سے
غایت درجہ ... شامیوں میں پروپیگنڈہ ... کر رکھا تھا ...
دنیا کو اور دین کو ... معاویہ نے اپنی سلطنت کے باشندوں کو
بنا دیا تھا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ شامی حضرت محمدؐ کا جانشین اور عزیز ترین معاویہ ہی کو
سمجھتے تھے ساتھ ہی ساتھ معاویہ نے حضرت علیؑ پر تبرا شروع کرا کے ان کی پوزیشن شامیوں
کے دلوں میں ویسی ہی کرا دی تھی جو دشمن اسلام ابو سفیان کی مسلمانوں میں تھی۔ شام کی دولت
کے ذریعہ معاویہ نے بڑی ہوشیاری سے ایک اکثر تنخواہ دار سپاہیوں کی فوج تیار کر لی تھی
اس سے ان کو بڑی تقویت تھی یہ لوگ معاویہ کو رسولؐ کا جانشین، خلیفہ اور امیر المومنین سمجھتے
تھے۔ لیکن جب انھیں شامیوں کی فوج ارض کربلا پہنچی اور وہاں کے ... اور ...
گئے۔ جزوی اور امام مظلوم کے خطبوں سے پتہ چلا کہ حضرت امام حسینؑ ... تو اس
خلیفہ بر حق ... شام تو ان کے دل و دماغ میں ... کا ... ہو گیا۔ ...
حالات ... اور ... آج ... شام میں ... اہلبیت کی ...
حضرت امام حسینؑ کی پہلی فتح تھی یعنی شامیوں میں ایک ذہنی انقلاب پیدا ہو گیا۔
بنو امیہ جو دشمن اسلام کے وارث تھے اب ... تسلیم کرنے لگے ...

…طلق زیادہ حالات معلوم کرنے کی فکر ان کے دلوں میں پیدا ہوئی۔

…ہل کوفہ جنہوں نے حضرت علیؑ اور حضرت حسنؑ کے ساتھ غداری کی تھی واقعہ کربلا میں بے وفائی
…کی وجہ سے ایسے بدنام و رسوا ہوئے کہ وہ اپنی غداری پر شرمندہ ہوگئے اور اپنی غداری کا
…ازالہ کرنے کی غرض سے جب شہادت مظلوم کربلا یزید سے بغاوت کو مذہبی فریضہ سمجھنے لگے
…یوں کا یہ مذہبی انقلاب بھی حضرت امام حسینؑ کی ایک بڑی فتح تھی اور تاریخ بتاتی ہے کہ
…عراق میں دوستداران اہلبیت کی کثیر آبادی ہے۔ کوفیوں کی باہمی نا اتفاقی کو بھی اسی
…انی جذبے کا فور کردیا حسینؑ کی مظلومیت نے ان کو ایک متحدہ قوم بنادیا۔

منافقین کا محاصرہ

(انگریزی میں سیج [illegible])

…حربی حکمت عملی کو کہتے ہیں جس کے ذریعہ دشمن کی فوج بالکل بے بس ہو جائے پہلی جنگ عظیم
…(۱۹۱۴ء) میں جب ترک شکست پر شکست کھاتے ہوئے پیچھے ہٹ رہے تھے اور انگریزوں کی
…فوج فتح حاصل کرتی ہوئی شہر بغداد تک پہنچ گئی تو انور پاشا نے ایک حیرت انگیز جنگی دور کے
…قسطنطنیہ سے تین گھنٹے کے اندر اندر فوجی کمک پہنچا دی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ کربلا کے
…قریب انگریزوں کی ایک لاکھ فوج ترکوں کے محاصرہ میں آگئی۔ یہ محاصرہ چند روز دن تک رہا
…کھانے پانی کی مقدار قلت ہوئی کہ انگریزوں کی فوج نے گھوڑے بھون بھون کر کھائے اور گھوڑوں
…کی لید نچوڑ کر اپنی پیاس بجھائی۔ آخر میں چند روز بعد انگریزی فوج نے ہتھیار ڈال دیئے
…تھی بھوک پیاس میں لاکھوں سپاہیوں کی فوج ہتھیار ڈال دیتی ہے۔

حضرت امام حسینؑ نے بھی ارض کربلا میں تین دور کے ذریعہ بہتر بھوکے اور پیاسے
…جانبازوں سے ایک لاکھ سے زیادہ منافقین کا محاصرہ کرلیا۔ خیر تب سے کربلا تک کے سفر میں
…اگر آپ کسی مقام پر قتل کردیئے جاتے تو وہ انقلاب و حیثیت نہ ہوسکتا جس کے آپ متمنی تھے

چنانچہ جب فرزند رسول نے ارض کربلا پر اپنے خیمے نصب کئے تو کوفے میں یا...
ان تمام منافقین کو گرفتار کر لیا گیا جو اس وقت کوفہ میں موجود تھے۔ شیعیان علی جو تیز رو بھی...
ہوئے تھے ان کو ابن زیاد نے قتل کروا دیا یا قید کر لیا تاکہ ان میں سے کوئی آپ کی نصرت کے...
کربلا نہ پہونچ سکے دمشق میں یزید کو جب یہ معلوم ہوا کہ کوفہ سے دور کربلا میں حضرت امام...
نے قیام کیا ہے تو اسے یہ اندیشہ ہوا کہ بہت ممکن ہے کہ نادار منش کوفی مجھ سے بھی غداری کر...
حسینؑ کا ساتھ دیں اس لئے اس نے ان تمام امویوں اور شامیوں کو زیادہ سے زیادہ تعداد میں...
کربلا کو روانہ کیا جن پر اسے پورا اعتماد اور بھروسہ تھا۔ اس طرح سے یزید کی حکومت میں جتنے...
منافق تھے وہ سب ارض کربلا پر حضرت حسینؑ کے مقابلہ پر آ گئے۔ یہی اسی غرض سے فرز...
رسول اپنی جان بچاتے ہوئے کربلا پہونچے تھے تاکہ شہادت ہو تو زیادہ سے زیادہ منافقین کے...
سامنے ہو اور انکو حق و باطل کا فرق معلوم ہو اور حقیقی وارث رسول کا علم ہو کر ذہنی انقلاب کی تکمیل...
اور تلقین کے لئے خاص اور پکے منافقین اسلام کا اتنا کثیر مجمع کسی حکمت عملی سے فرزند رسول...
نہیں کر سکتے تھے اور نہ وہ آپ کے خطبوں کو سننے کے لئے تیار ہوتے

شب عاشور فوج یزید میں انتشار

حضرت امام حسینؑ ارض کربلا پر حمایت حق میں مرنے...
آئے تھے اس لئے انکو کوئی انتشار نہ تھا۔ فوج یزید مارنے آئی تھی اس لئے مرنے کے خو...
سے ڈرتی تھی۔ پادری ایڈورڈ سل لکھتا ہے کہ "حسینؑ اور انکے گنتی کے رفقاء باوجو...
اقلیت کے بہادر تھے اور فوج یزید باوجود اکثریت کے بزدل تھی۔" [illegible] حسینی سپاہ جی...
سے ڈرتی تھی اور یزیدی فوج مرنے سے ڈرتی تھی

ایک رات کی مہلت حسینؑ کم سپاہ نے کیوں مانگی؟ یہ سوال شامیوں اور کوفیوں کو...
پریشان کر رہا تھا۔ دوسرے یہ کہ اتنی کم سپاہ اتنی بڑی ٹڈی دل فوج سے کیسے مقابلہ...
کر سکتی ہے؟ پھر یزیدی فوج کے جاسوس برابر یہ اطلاعیں لے رہے تھے کہ حسینؑ کے خیمو...

کہ سب حالات ظاہر ہیں۔ ضرورت ہے لڑنے کے لئے کوئی خاص تیاری نہیں کی جا رہی ہو۔ فرزند یزید ان سب حالات کو دیکھ کر یہ سوچنے پر مجبور تھا کہ اسی شب میں فرزند رسول کی مدد کیلئے کہیں سے فوج آنے والی ہے اور بہت ممکن ہے کہ وہ شب خون مار دے۔ کوئی یہ خیال کر رہے تھے کہ چونکہ انہوں نے حضرت علیؑ کا جنگ صفین اور جنگ جمل میں ساتھ دیا تھا اور حضرت امام حسنؑ کو اپنا خلیفہ مانا تھا اسلئے ممکن ہے کہ حسینؑ کی شہادت کے بعد شامی فوج ان کا قتل عام شروع کر دے۔ شامی فوج یہ سوچ رہی تھی کہ کوفیوں نے ہمیشہ اپنے سرداروں سے غداری کی ہے ممکن ہے کہیں یہ حسینؑ سے مل کر ہمارا صفایا نہ کر دیں۔ یزید کو یہ اندیشہ تھا کہ اگر ایران، حجاز یمن اور عرب کی فوجیں کربلا پہنچ گئیں تو کوفی بھی ان سے مل جائیں گے اور پھر میری شامی تنخواہ دار فوج جس پر میری خلافت کا انحصار ہے زندہ پلٹ کر نہ آئے گی۔ اسلئے وہ مضطرب رہا تھا کہ جلدی کی جائے اگر حسینؑ بیعت سے انکار کریں تو جلد تر ان کا سر قلم کر کے روانہ کیا جائے۔ شمر کو اس لئے روانہ کیا کہ اگر عمر ابن سعد میرے احکام کی پابندی میں ذرا سی بھی تساہلی کرے تو اسے سرداری کے عہدہ سے ہٹا کر تم کمانڈر بن جانا۔

ان بدحواسوں کو یہ نہیں معلوم تھا کہ فرزند رسولؑ نے اپنے ساتھیوں کو جمع کر کے یہ کہا کہ "یہ پردہ شب ہے۔ میں نے اپنی بیعت تمہاری گردنوں سے اٹھالی ہے تم جدھر دل چاہے نکل جاؤ۔ یہ لوگ صرف میرے خون کے پیاسے ہیں۔ تمہیں جاتے دیکھ کر وہ تم سے نہ بولیں گے۔" پھر شمع بھی گل کر دی تاکہ جانے والے کو شرم مانع نہ ہو۔ مقصد یہ تھا کہ میرے ساتھ بس وہی رہیں جو عزت کی موت کو ذلت کی زندگی سے بہتر سمجھتے ہیں۔

فرزند رسول مدینہ سے کربلا تک اپنے ساتھیوں کو کم کرتے رہے۔ جنگ کرنے والا تو یہ نہیں کرتا۔ قمر بنی ہاشم حضرت عباسؑ سے بھی کہتے ہیں: "اگر شمر بلاتا ہے تو چلے کیوں نہیں جاتے۔" فرزند رسولؐ کو اپنے مقصد کی کامیابی کے لئے حضرت عباسؑ کی

شجاعت کی ضرورت نہ تھی۔ اگر حضرت عباسؑ مزول فرات پر قبضہ جنگ کر بیٹھتے
یا فرات کے کنارے سے خیام کے اکھاڑنے کے یزیدی حکم کے خلاف جنگ شروع کر
تو فرزند رسولؐ کو منافقین کی کثیر تعداد کے سامنے شہادت پانے کا موقع نہ ملتا۔ جنگ نے
چھوڑا۔ مگر چھوڑا اور جنگ ترک کر کے حامیوں کے دلوں میں بے چینی پیدا کر دی۔ کربلا کے
میں آئے فرزند رسولؐ کے سامنے یہ حقیقت روز روشن کی طرح واضح تھی کہ مجھے یزید زندہ نہیں
چھوڑے گا۔ مرنا یقینی ہے۔ موت میں کوئی شک و شبہ نہیں اس لئے ایسی جگہ جام شہادت نوش
کرنا چاہئے جہاں منافقین کی کثرت ہو اور ان کو حق و باطل میں فرق معلوم کرنے کی فکر پیدا
ہو جائے۔ فوج یزید کے وہ سپاہی جو فرزند رسولؐ کی معرفت رکھتے تھے ان کے ذہن
یہ بات نہیں اتری تھی کہ یزید قتل حسینؑ کی حماقت کر بیٹھے گا وہ شہادت حسینؑ کو امر محال
رکھتے تھے ان کو یقین تھا کہ کسی منزل پر صلح ضرور ہو جائے گی۔

حسینؑ ابن علیؑ نے صلح کیوں نہ کی۔۔۔؟	فتح مکہ کے بعد آنحضرتؐ سے کفار قریش نے اپنے تحفظ پر صلح کی جو کفار کے لئے مفید تھی صرف ایک شرط یہ

تھی کہ کفار قریش مسلمانوں کی ایذا رسانی نہ کریں اور ان کی جان و مال کا نقصان نہ کریں یعنی
سے رہیں۔ خود جس حالت میں چاہیں زندہ رہیں اور مسلمانوں کو اپنے دین اسلام پر زندہ رہنے
دیں۔ مجھے رسول نہ مانیں نہ سہی۔ رسولؐ کے مقصد سے اگر ان کو چڑ ہے تو میں خود اس
اپنے ہاتھ سے مسلط ہونے کا نے دیتا ہوں ان کی مخالفت سے میری رسالت جو منجانب اللہ
کسی طرح ختم نہیں ہوتی۔ اسلام دین الٰہی ہے اس لئے ایک نہ ایک دن ان کا اس دین کا
پابند ہونا ہی ہوگا۔
حضرت امام حسنؑ نے بھی بالکل اسی طرح کی صلح معاویہ سے کی تھی کہ سچے مسلمانوں
دوستداران اہلبیت کی ایذا رسانی نہ کی جائے ان کو اپنے مذہب پر جینے دیا جائے

خلافت و امامت کو اگر منافقین تسلیم نہیں کرتے تو نہ کریں اس سے میری امامت کا منصب
جو منجانب اللہ ہے مجھ سے نہیں چھینا جا سکتا۔ ظاہری خلافت جو بادشاہت بن گئی ہے
اسکی مجھے پرواہ نہیں میرا کام تو دین حق کی تعلیم دینا ہے جس کو نجات حاصل کرنا ہے
وہ حاصل کریں اور جو گمراہی میں پڑے رہنا چاہتے ہیں ان کو اپنے فعل کا اختیار
ہے۔ اسلام دین الٰہی ہے اسلئے اصل حقیقت کا پتہ منافقین کو ایک نہ ایک دن چل ہی جائیگا
اسلام امن کا مذہب ہے۔ اسلئے امام حسنؑ اسے بادشاہ بن کر تلوار سے پھیلانا نہیں چاہتے تھے
کیونکہ خود بانی اسلام نے یہ نہیں کیا

حسینؑ ابن علیؑ بھی انھیں شرائط پر صلح کرنے کو تیار تھے آپ نے تو یہاں تک
کہدیا کہ مجھے ہندوستان یا یزیدی سلطنت سے باہر یا جنگلوں میں نکل جانے دیا جائے
مگر یہ شرط بھی منظور نہیں کی گئی۔ معاویہ اور یزید تو اسلام کو مسخ کر چکے تھے وہ کسی مسلمان کو
سچے اسلام کا پابند دیکھنا ہی نہیں چاہتے تھے۔ وہ حسینؑ ابن علیؑ سے غیر مشروط
بیعت لے کر اپنی بدکرداری پر مہر تصدیق ثبت کرانا چاہتے تھے۔ تاکہ
اگر سچے مسلمان کہیں بھی تھوڑے بہت باقی بچے ہوں تو فرزند رسولؐ کی بیعت کے بعد
گمراہ ہو جائیں۔ حسینؑ ابن علیؑ دیکھ چکے تھے کہ معاویہ نے بجائے عمل کرنے کے صلح حسنؑ
کی شرطوں کی کس طرح پر زور مخالفت کی معاویہ کو حضرت علیؑ پر سب و شتم کرانے کے بعد
یہ کامل یقین ہو گیا تھا کہ فرزند رسولؐ سے بیعت حاصل کرنے کے بعد دین اسلام کا
ہمیشہ کے لئے خاتمہ ہو جائے گا۔ فرزند رسولؐ اس انجام کو معاویہ سے زیادہ خود سمجھے
ہوئے تھے۔ یزید کو دین اسلام مٹانے کی فکر تھی فرزند رسولؐ کو نانا کے دین کو حیات
جاوداں دینے کی فکر تھی۔ دونوں فکروں میں تضاد تھا اس لئے صلح کی کوئی بھی گنجائش
نہ تھی۔ تصادم لازمی تھا اور حسینؑ بے لشکر اور سپاہ اس تصادم کیلئے بالکل تیار تھے

اور بجا طور پر مجبور اب سے تھے کہ صرف میری شہادت سے اسلام زندہ رہے گا حقیقی مسلمان
معاویہ اور یزید کی سازشیں، جو چند شاطر فقیہ زہاد اور محدث محفوظ رہتے ہیں ....
پکے ہو جائیں گے اور جو عدم واقفیت اور لاعلمی کی وجہ سے منافق بنائے گئے ہیں ان
مراد مستقبل کا پتہ چل جاوے گا میری شہادت ہی قیامت تک تبلیغ کا کام کرے گی
میری موت سے اسلام کی حیات ہوگی اور مجھے تو مرنا ہی ہے اس لئے اگر چند سال پہلے
مر جاؤں گا تو خدا کا دین ہمیشہ کے لئے زندہ ہو جائے گا

بیشک ایسا ہی ہوا حسینؑ کی شہادت کے بعد پھر کسی کو ساختہ خلیفہ کی کسی امام
سے بیعت حاصل کرنے کی جرأت و ہمت نہ پڑی۔ یزید نے جناب سید سجاد سے بیعت طلب
کی۔ حضرت علی پر سب و شتم کو خود معاویہ کے پرپوتے عمر ابن عبدالعزیز نے ۹۹ھ میں حکماً
بند کرا دیا۔ دوست داران اہلبیتؑ کی تعداد بڑھتی گئی۔ حسینؑ ابن علیؑ کے مصائب شہادت
نے لوگوں کے دلوں میں ظالموں سے نفرت کے جذبات ابھار دیئے اسی وجہ سے مخالفین اسلام
کے حاکموں نے ذکر حسینؑ کو حرام قرار دینے کے فتوے دیئے تاکہ دشمنان اسلام مسلمانوں
کو نفرت نہ ہو اور آج بھی روشنے سے روکا جا رہا ہے۔ معاویہ نے اہلبیت سے نفرت پیدا
کرائی تھی وہ شہادت حسینؑ کی وجہ سے ناکام ہوا۔ کبھی کوئی شیعہ علی کسی قیمت پر گمراہ
نہیں ہوتا۔ برخلاف اسکے گمراہ لوگ راہ راست پر آتے چلے جا رہے ہیں۔ غیر مسلموں
کے دلوں میں جو واقعات شہادت سے واقف ہوتے چلے جا رہے ہیں وہ دوستداران
حسینؑ ابن علیؑ بنتے جا رہے ہیں۔ یہ سب صلح سے ناممکن اور محال تھا۔ بہتر کی قربانی
سے اسلام کا مشن پرامن طریقہ سے چل کھڑا ہوا۔ جتنی دنیا بیدار ہوتی جائیگی حسینؑ
کو اپناتی جائے گی۔ بشرطیکہ محبان حسینؑ خود بھی جاگیں

آج سے تیس سال قبل دین مسیح تعداد کے لحاظ سے دنیا میں دوسرے نمبر پر تھا

لیکن انجیل شریف کے ہر زبان میں ترجموں نے اور ان ترجموں کی اشاعت کی برکت سے اب اول نمبر پر ہے۔ مسلمانوں کے ہاں حضرت عیسیٰ سے بڑھ کر شہادت حضرت حسینؑ ابن علیؑ کی ہے اور یہ زیادہ دلچسپ اور مؤثر بھی ہے لیکن بدقسمتی سے مسلمان اس شہادت عظمیٰ کو دنیا کی ہدایت کے لئے پیش نہیں کرتے۔ تذکرۂ حسینؑ مظلوم پر حضرات شیعہ صدیوں سے کچھ کوشش صرف کرتے لیکن ان کا ذکر حسینؑ صرف انہیں کے گھروں کی چار دیواری کے اندر محدود ہے اسکی آواز گھر سے باہر نہیں نکلتی۔ ہندوستان میں سب سے زیادہ ذکر حسینؑ ہمارے اس صوبہ یو۔پی میں ہوتا ہے لیکن باوجود کثرت مجالس اور اخباروں اور رسالوں کے جو کتابیں جنرل تاریخ کی ہائی اسکول کے طلباء کو پڑھائی جاتی ہیں ان میں محرم کے متعلق یہ لکھا ہے کہ محرم حسنؑ اور حسینؑ کی شہادت کی یادگار میں منایا جاتا ہے۔ مسلمان لوگ حسنؑ اور حسینؑ کا ماتم کرتے ہوئے تعزیئے نکالتے ہیں۔ سنہ ۱۹۵۲ء کے ہائی اسکول کے جنرل تاریخ کے پرچہ میں ایک سوال یہ تھا کہ محرم کے متعلق جو کچھ جانتے ہو وہ تحریر کرو۔ طلباء نے وہی لکھا جو کتابوں میں پڑھا تھا۔ خود میں نے شیعہ کالج کے لڑکوں سے بھی ایک مرتبہ یہ سوال پوچھا تھا۔ مگر کسی ایک نے بھی ٹھیک جواب نہیں دیا۔ یعنی باوجود کثرت مجالس کے خود ہمارے صوبہ کے باشندوں کو ابتک یہ نہیں معلوم کہ حضرت حسنؑ زہر دغا سے ۲۸ صفر کو شہید کئے گئے۔ حضرت امام حسینؑ تین دن کے بھوکے اور پیاسے کند خنجر سے یزید ملعون کی بیعت سے انکار کرنے سے ۱۰ محرم کو ذبح کر ڈالے گئے

اکثر غیر مسلم احباب انگریزی یا ہندی میں حالات مظلوم کربلا اور واقعات کربلا پڑھنے کی خواہش ظاہر کرتے ہیں۔ اگر آپ کی طرح کوئی دوسرا مظلوم کربلا کا عزادار بننا چاہے تو کیا آپ کا یہ فرض نہیں ہے کہ آپ اسکی تمنا کو پورا کریں اور یہ تمنا صرف اس طرح پوری کی جا سکتی ہے کہ پہلے ایک نہایت ہی مختصر مگر جامع کتاب بس متی یا یوحنا کی انجیل کے برابر حالات کربلا پر اردو میں تیار کی جائے پھر اس کا ترجمہ کم از کم ہندوستان میں

لی جانے والی ۱۳۲ زبانوں میں کیا جائے اور ان کو چھپوا کر نہایت معمولی قیمت پر تقسیم
کی طرح دوسری قوموں کے ہاتھ فروخت کیا جائے۔

شہادت حسین ابن علی امویوں کے مخصوص گروہ کی بدکرداری کی وجہ سے واقع ہوئی۔ اگر
حضرت علی حضرت حسن اور حضرت حسین کو دشمن اسلام بتایا جاتا اور اسے اعلانیہ رائج کروانے
کے لئے بہتر ہزار منبروں پر سے حضرت علی پر تبرا کہلایا جاتا۔ یعنی دنیا کو اگر حضرت علی کی
صحیح پوزیشن معلوم ہو گی تو یزید کو قرآن دینے والوں سے بیعت حاصل کرنے کی جرات و ہمت کہاں
پڑتی۔ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ اہلبیت سے نفرت پیدا کرنے کا یہ پروپیگنڈا اب ختم ہو گیا ہے
یا نہیں! ایسا نہیں ہے اب تو دوستداران اہلبیت کو بھی ملعون و بدنام کیا جا رہا ہے
جس کی چند مثالیں ملاحظہ ہوں۔

کہا جاتا ہے کہ جب کوئی پیاسا ان سے پانی مانگتا ہے تو یہ اس میں تھوک کر
پانی دیتے ہیں۔ مرنے کے بعد اپنے مرے ہوئے عزیزوں کا پیٹ لوٹے کے گوشت سے صاف
کرتے ہیں۔ تعزیہ داری اور علم کے پنکھوں کے اندر تبرا لکھ کر لگاتے ہیں۔ ریشمی کپڑا
یا فرش لیٹر چڑھا کر اپنی ماں بہن اور بیٹی کے ساتھ ہمبستری کرنا ان کے یہاں جائز ہے
تو جب ربیع الاول کی ۹ ایک سنی لڑکے کو پکڑ لاتے ہیں اور چھریاں لیکر گھیرے میں کھڑے
ہوتے ہیں اور ہر طرف سے اس غریب بے گناہ لڑکے پر چھریاں مارتے ہیں یہاں تک کہ وہ
زخموں سے چور ہو کر گرتا ہے اور مر جاتا ہے تو اپنی چھریوں سے اسکی بوٹیاں کاٹ کر اپنے
اوپر سے رد بلا کے لئے صدقہ کرتے ہیں۔ اور چیل کوؤں کو کھلاتے ہیں۔ عید غدیر کے دن
یہ ہر گناہ سے آزاد ہوتے ہیں۔ شراب پیتے ہیں۔ گھر کی عورتیں اور مرد سب ننگے ہو کر ناچتے
ہیں اور جب زیادہ مست ہو جاتے ہیں تو جس مرد کو جو عورت ملتی ہے اس سے اپنی خواہش
نفسانی کو پورا کرتے ہیں۔ اس دن بہن۔ بیٹی۔ ماں سب مباح ہوتی ہے۔ میری بات کا

یقین نہ ہو تو آپ خود کسی ہندو سے پوچھئے۔ مذکورہ قصہ یا قرآن میں سے ایک نہ ایک تو آپ کو اس سے معلوم ہی ہو جائے گی۔ عید غدیر کے دن کی بدفعلیاں تو عام طور سے ہندوؤں میں مشہور ہیں۔

کیا آپ کا فرض یہ نہیں ہے کہ آپ غیر مسلمین کو بتائیے کہ ۱۰ ذالحجہ کو مکہ سے واپس ہوتے وقت آنحضرتؐ نے خم کے جنگل میں غدیر یعنی ایک تالاب کے کنارے قیام کیا اور مسلمانوں کو جمع کر کے خدا کا یہ حکم سنایا کہ جس کا میں مولا ہوں اسکے علیؑ بھی مولا ہیں۔ اس سے آنحضرت کا مطلب یہ تھا کہ میرے بعد میرے خلیفہ میرے جانشین اور مسلمانوں کے دینی حاکم علیؑ ہونگے جنہوں نے دعوت ذوالعشیرہ کے موقع پر مجھ سے کار رسالت میں مدد دینے کا وعدہ کیا تھا جب انہوں نے یہ کیا اور میں نے حکم الٰہی سے یہ اعلان کیا تھا کہ جو کار رسالت میں میری مدد کرے گا وہی میرا وصی میرا وزیر اور خلیفہ ہوگا۔ اس لئے میں آج اس وعدہ کو پورا کرتا ہوں۔ بس اس واقعہ کی یادگار میں دوستداران اہلبیت عید مناتے ہیں اور اس وقعہ پر جو وہ "الف لیلہ" کے قصہ کا افسانہ گھڑا گیا ہے وہ دوستداران اہلبیت کے لئے یہ بدکاری کا الزام ہے۔

فتوے کا یہ لگانا محض اس غرض سے ہے کہ دوستداران اہلبیت سے نفرت ہو اور کوئی ان سے یاری میل نہ مانگے یعنی ان کی دلکشی ہے۔ کوئی بھی الزام کسی فرقے پر عائد کرنا تو بالکل ناممکن سی بات ہے جو قوم مظلوم کی ساتھی ہو اور ظالموں پر تبرا کرتی ہو وہ خود ایک بے قصور فرقے پر کس طرح ایسے مظالم ڈھا سکتی ہے اور موجودہ زمانہ میں یہ ممکن بھی نہیں ہو سکتا۔

تعزیوں، دلدل اور علم کے پیچھے متبرک چیزیں ہیں اسلئے کوئی بھی دوستدار اہلبیت ان پر ناالولوں کے نام لکھنا پسند نہیں کر سکتا۔

حرمت ہو سے مراد ان کا پیشہ عیب کی اصلاح والی کرسکان کی روایت اس طرح

سے مشہور ہے کہ ملا کرعیب اورنگ زیب نے سادات کو مردوں کو غسل دینے کا حکم دیا۔ اس زمانہ کے بعد ہی اورنگ زیب کے استاد ملا جیون کا انتقال ہوا۔ اورنگ زیب خود وہاں غسل کے موقع پر موجود تھا۔ اس وقت سادات کو لیکر آئے اور اورنگ زیب نے پوچھا کہ ان سلاخوں سے کیا کیا جائے گا۔ سادات نے عرض کیا جہاں پناہ ہم لوگ میت کو مکمل طور سے پاک اور صاف کرتے ہیں۔ یہ لمبی لوہے کی سلاخیں پاخانہ کے مقام سے اندر پہنچائیں گے اور ان کی مدد سے جسم کی ساری آلائش گھسیٹ لیں گے جب سب آلائش نکل چکے گی تو پھر غسل دیں گے۔ اورنگ زیب کو یہ سن کر غصہ آگیا۔ حکم دیا کہ جاؤ بھاگ جاؤ۔ اب آئندہ سے تم کسی کو غسل نہ دینا۔ تم تو مردے پر تشدد کرتے ہو اس تدبیر سے سادات نے اپنی غسل دینے سے جان بچائی۔ لیکن اب عام طور سے مشہور ہے کہ شیعہ اپنی میتوں کو اسی طرح غسل دیتے ہیں۔ لعنت حریر کی اجازت ہمارا مذہب نہیں دیتا یہ دوسروں کا عیب ہے جو ہمارے سر تھوپا جا رہا ہے۔

لڑائیوں کا اختلاف

حضرت علیؓ سے سیرت شیخین کی شرط کو منظور کرانے والے وہ لوگ تھے جن کو حضرت عمرؓ نے متنبہ کیا تھا کہ اگر حضرت علیؓ کو خلیفہ بنا دیا تو وہ تم کو مسلمان بنا کر چھوڑیں گے۔ یہ غلط خیال ہے کہ حضرت علیؓ اور شخصیت پیش کرنے والوں کے درمیان محض لڑائی کا اختلاف تھا بلکہ مطابق تنبیہ حضرت عمرؓ وہی بنیادی اختلاف تھا جو دین اسلام اور غیر اسلام میں یا ایمان و منافقت میں ہے۔ یہ اختلاف بڑھتا ہی گیا۔ اسلام اور ایمان سے دنیا والے متنفر ہوگئے اور یہاں تک ہوئے کہ اسلام کو آنحضرتؐ کا ڈھونگ۔ اور خلافت شیخین کو کامیاب سمجھنے لگے اور ادھر اہل ایمان گھٹتے ہی گئے۔ یہانتک کہ منافقت کو ایمان سے بیعت طلب کرنے کی ہمت و جرات پڑ گئی۔ پھر جس کے باپ نے خلافت ظاہری پر ٹھوکر ماری ہوا اسکا بیٹا

ر منافق کی بیعت کیسے کر سکتا تھا۔ صلح حسنؑ کی شرائط کے مطابق اگر، یہ حضرت حسینؑ
علی کو خلافت دنیاوی اس شرط پر دی جاتی کہ آپ کو خلافت ملنے پر امیر معاویہ کی پالیسی
عمل کرنا ہوگا تو آپ بھی خلافت دنیاوی پر ٹھوکر مار دیتے۔ کیونکہ آنحضرت دنیا کو جو نیا نظم
دینے آئے تھے سلطنت قائم کرکے اس پر حکمرانی کرنے نہیں آئے تھے اسی لئے آنحضرت کے
کو بھی بجائے سیاسی اقتدار حاصل کرنے اور ملک گیری کے دین کی ہدایت کرنا تھی خلافت
ادشاہت میں بڑا فرق ہے سُنی علماء بھی پہلے چار خلفاء کی خلافت کو راشدہ کہتے ہیں
معاویہ کی خلافت سے لے کر اب تک کے خلفاء کو امیر اور بادشاہ کہتے ہیں۔ پھر ایسے ناہنجار
دکار خلیفہ نما بادشاہ یزید کا حسینؑ ابن علیؑ بیعت کیسے کر سکتے تھے۔ جو اپنے آپ کو آنحضرت
عزیز قریب اور حقیقی جانشین کہتا تھا۔ یزید پلید کی بیعت سے انکار کرنا فرزند رسول کی
ناعاقبت اندیشی کی ضد نہ تھی بلکہ اس انکار کے دو نتائج ہیں۔ اول اپنی شہادت دوسرے
ام کی حیات جاوداں کو بھی طرح سمجھ چکے تھے اسلئے بیعت سے انکار ہی کرتے رہے۔ یہی نیا نظم
سیاست تھی کہ ساری دنیا کے فائدے کے لئے اپنی جان اور اپنے خاندان تک کو قربان کر دینا
فرزند رسول کا بین الاقوامی مفاد کا حجازی جذبہ تھا کہ اسلام زندہ رہے اور اس کی تعلیم سے
دنیا کی ہر اک فرد کو فائدہ پہونچے جو اس سے فائدہ حاصل کرنا چاہے۔ بس حسینؑ ابن علیؑ نے
دنیا کے فائدے کے لئے اسلام کو زندہ کر دیا۔

مظلوم کربلا کی دوسری شاندار فتح

صبح عاشور ہوئی۔ ریگستان کربلا پر خون ناحق بہانے کے لئے
فوج یزید کے پرے سجے۔ عمر سعد نے اپنے کندھے پر سے
کمان اتاری اور تیر چلّہ کمان میں جوڑا۔ اسی کے ساتھ تیس ہزار کمانداروں نے تیس ہزار
تیر چلّہ کمان میں جوڑے ادھر بلند آواز سے عمر سعد نے کہا کہ گواہ رہنا سب سے پہلے میرا
تیر حسینؑ کو شہید کرنے کے لئے جاتا ہے۔ ادھر حضرت حُر نے عمر ابن سعد کی تیر و کمان پر اپنا

ہاتھ اٹھا دیا اور کہا "کیا حسینؑ سے صلح ناممکن ہے؟" عمر سعد نے کہا "کیا کروں تیرے امیر کا حکم یہی ہے۔" حضرت حُرؑ نے فرمایا "تیرے امیر تو آپ فرزندِ رسولؐ ہیں" یہ فرما کر حضرت حُرؑ اپنے فرزند کے ہمراہ کربلا کے خیموں کی طرف بڑھے ایک لاکھ سے زیادہ سپاہیوں کی نظریں اور ابن سعد پر بھی ہوئی تھیں ان کی آنکھوں نے دیکھا کہ سردار لشکر حُرؑ جو حسینؑ کو گھیر کر کربلا لایا تھا وہ اب کیا کر رہا ہے۔ اس نے عمر سعد کے تیر و کمان پر ہاتھ کیوں ڈالا وہ یزید کا ساتھ چھوڑ کر مخالف کیوں ہو گیا؟ اس نے وہ انعامات کیوں چھوڑ دیئے؟ جو حسینؑ کو گھیرنے کے صلے میں ملنے والے تھے۔ وہ حسینؑ کے پاس کیوں جا رہا ہے؟ وہ کیا موت سے نہیں ڈرتا؟ وہاں تو پینے کے لئے پانی بھی نہیں ہے

فوج یزید سناٹے کے عالم میں تھی۔ ابھی وہ یہ سوچ ہی رہی تھی کہ حُرؑ مرنے کیلئے کیوں تیار ہو گیا کہ حضرت حُرؑ اجازت جہاد لے کر فوراً میدان کارزار میں آ گئے اور بلند آواز سے کہتا ہے کہ اس طرح فوج یزید کی مذمت کرنے لگے "افسوس ہے تم سب پر، تم نے فرزندِ رسولؐ کو بلایا اور جب وہ تمہارے بلانے سے آ گئے تو تم ان کو دھوکا دے رہے ہو۔ یہی نہیں بلکہ تم اپنے گھروں سے جوق جوق اس غرض سے باہر نکل آئے ہو کہ فرزندِ رسولؐ کا خون ناحق بہاؤ۔

اے ظالمو! تم اپنی کثرت تعداد پر جابر بنے ہوئے ہو تم نے ہر طرف سے فرزندِ رسولؐ کو گھیر کر بے بس کر دیا ہے۔ نہر فرات جس سے نصرانی، یہودی، مجوسی تک پانی پی رہے ہیں جس کے پانی سے سور اور کتے کھیل رہے ہیں، تم نے یہ پانی بھی حسینؑ اور ان کے معصوم بچوں پر بند کر دیا ہے۔"

جنگ چونکہ شروع نہیں ہوئی تھی اور ساری فوج حضرت حُرؑ کی تقریر سے متاثر ہو کر سوچنے میں مصروف تھی اس لئے یزید کی ساری فوج نے حضرت حُرؑ کے یہ خیالات غور سے سنے اور سوچنے لگے کہ یزید نے فرزندِ رسولؐ سے جنگ کی ہے۔ نامعلوم حضرت حُرؑ کی طرح یزید کی

فوج کے کتنے سپاہیوں کے دل یزید سے منحرف ہو گئے تھے مگر فوج یزید کی کثرت اور موت کے ڈر نے ان کو سکوت میں ڈال دیا۔ چند سپاہی اس سے نکل کر حضرت امام کے لشکر حسینی میں آ گئے۔ اور بہت سے سوچتے ہی رہ گئے کہ کیا کرنا چاہیئے۔

حسین ابن علی کے شرائط جنگ

شب عاشور عمر ابن سعد نے حسین ابن علیؑ سے بیعت حاصل کرنے کی آخری کوشش کی آپ کی خدمت میں آیا۔ بہت اونچ نیچ سمجھائی مگر فرزند علیؑ بیعت یزید پر کسی طرح راضی نہ ہوئے۔ خاتمۂ کلام میں آپ نے عمر سعد سے کہا کہ اگر یزید مجھ سے کسی قسم کا خطرہ محسوس کرتا ہے تو مجھے تم اپنے حدود سلطنت سے نکل جانے دو۔ یہ تجویز آپ نے اپنی جان بچانے کی غرض سے نہیں کی تھی بلکہ حضرت ابراہیم، حضرت موسیٰ، حضرت عیسیٰ اور حضرت محمدؐ کی شریعتوں کی حفاظت کی غرض سے کی تھی۔ جس طرح آنحضرت کفر کی زمین سے نکل کر مدینہ تشریف لائے اور دین خدا کی حفاظت کی اور اسکی تبلیغ مناسب سرزمین پر یعنی مدینہ میں شروع کی۔ بالکل اسی جذبہ اور خیال کے مطابق محافظ دین الٰہی (امامؑ) ہر زمانہ مناسب اور موافق سرزمینوں میں ہجرت فرما کر دین الٰہی کی تبلیغ کرنا چاہتے تھے اور یہی قرآن کی تعلیم بھی ہے کہ جب کسی خطۂ ارض پر دین الٰہی کی پابندی جرم قرار دی جائے اور اس پر عمل کرنا دشوار ہو جائے تو مسلمانوں کو ایسے مقامات پر سے ہجرت کرنا چاہیئے لیکن اس صلح کل تجویز کو بھی عمر ابن سعد نے نامنظور کیا۔

دوسری تجویز یہ پیش کی دستور عرب کے موافق انفرادی جنگ ہونا چاہیئے۔ عمر اپنی بزدل منافق فوج پر بھروسہ کر کے عمر ابن سعد راضی ہو گیا اور بات ختم ہو گئی۔ عمر ابن سعد اپنے خیمہ کو واپس آیا۔ یہاں سرداران لشکر آخری گفتگو کو سننے کے لئے منتظر تھے اس نے آتے ہی ان سے کہا کہ حسین ابن علیؑ بیعت پر رضامند نہیں ہوئے اس لئے آپ لوگ اپنے اپنے رسالوں کو جنگ کے لئے تیار کیجئے۔ کل انفرادی جنگ ہوگی۔ شمر نے کہا کہ وہ انفرادی جنگ سے کیا بنا لیں گے ان کے ساتھ لڑنے والے نوجوان تو بس گنتی کے ہیں۔ بہت مشکل سے پچاس ہوں گے۔ میں ان کو بھی ابھی تو ختم کیے دیتا ہوں

عمر ابن سعد سے پوچھا ہے کہ کیسے لڑا جائے ۔ آپ مجاہد حضرت عباس اور ...

دلاور جوانوں کو ساتھ لے کر وہ لڑنے والے بھی ٹوٹ پڑیں گے۔ پھر حسین کی شجاعت پر ...

کرنا ہے وہ بھی ان کا ساتھ چھوڑ دیں گے اور فوج ہماری کو ... کی ہمت ... پڑے گی۔ شمر ...

جو گا وہ امام حسین کی طرف چلا۔ وہ سب سرداروں نے کہا انفرادی جنگ میں ہمارے سپاہیوں ...

ہو گا۔ عمر ابن سعد نے کہا تیس ان کا ... ایک مجاہد کتنے آدمیوں کو مار سکتا ہے۔ چالیس ...

مجاہدوں کا ایک ایک کرکے اور تیس گھنٹوں میں خاتمہ ہو جائے گا۔ سرداروں نے کہا کہ جنگ ...

تو اتنی دیر بھی نہ لگے گی۔ عمر ابن سعد نے کہا جنگ مغلوبہ میں بڑا خطرہ ہے اس سے کہ حسینی ...

تو صرف چالیس ہیں پر ان پر جب ہمارا ندی والا فوج ایک دم سے ٹوٹ پڑے گی تو خود ...

فوج کے بہت سے سپاہی اپنے ہی ہاتھوں مارے جائیں گے اس سے یہ اندیشہ ہے کہ کہیں ہی ...

منتشر ہو جائے۔ دوسرے یہ کہ اگر بالفرض محال کسی حسینی مجاہد نے ہمارے ... سپاہیوں کو ...

کر ڈالا تب ہم شمر کو بارہ ہزار ... لگا کر اسی پر قبضہ کر دیں گے۔ عمر ابن سعد نے ایسا ہی کیا۔ ...

جب حضرت امام حسن کے کمسن فرزند حضرت قاسم نے ارزق اور اسکے چاروں لڑکوں کو یکے بعد دیگرے

قتل کر ڈالا تو عمر سعد نے چلا کر کہا کہ یہ بنی ہاشم کے بچے ہیں ایک ایک کرکے یزید کی ساری شامی ...

کو کاٹ کے رکھ دیں گے اس کا حکم پانے ہی ساری فوج آپ پر ٹوٹ پڑی مگر کسی کی ہمت آپ ...

آنے کی نہیں پڑی۔ دور سے تیر برسائے ۲۵ تیروں سے گھائل ہو کر حضرت قاسم ...

بھی اپنے گھوڑے کی گردن میں ڈال دیں تب یزیدی فوج جرأت کرکے آگے بڑھی اور تلوار ...

کی ضربوں سے آپ کو گھائل کرکے گھوڑے سے زمین پر گرا دیا۔ اسی طرح کی جنگ ...

سے بھی کی گئی۔

اب یزیدی فوج پر سے بجائے ہوشے ... اذن جہاد لے کر ایک ایک کرکے مجاہد ...

کا رزار میں آتا ہے۔ رجز پڑھتا ہے پھر جہاد کرتا ہے۔ شہید ہوتا ہے حسینی آتے ہیں اور اس کی نعش ...

…ل سے اعمال کی تمثیلوں نے اشارے ہیں۔ جس طرح یزید کا بیہیانہ نہایت ظلم اور
…یت ان سے یزید کی ہر فقرہ کو نفرت سے سنتا ہے اور چھوٹے اور بڑے مجاہد کی جانبازی کی
…بازی اور وفاداری کی قدر و پیار کو عزت سے دیکھتا ہے۔ یزید کے الفاظ اور مجاہد کی تصویریں
…دماغ میں محفوظ ہو جاتی ہیں۔ اسی طرح متعدد یزید اور جنگ آزمائیوں کی تصویریں ایک کے
…بعد ہزار سپاہیوں کے کارناموں کے بعد دیگرے محفوظ ہو گئیں۔ یہ سب زوال عنصر
…سے بڑے اطمینان سے ہٹا دیا۔

حسینؑ ابن علیؑ نے دین کے راستوں کے اختلاف کی زحمت انفرادی جنگ کی شرط پر
…سوسے خود منظور کرکے سہل کی۔ ورنہ یزید کی فوج کے ایک حملہ میں جنگ مغلوبہ سے حسینؑ
اور ان کے ساتھیوں کا ورنہ ہی خاتمہ ہو جاتا۔ اور حسینؑ کو نہ بہتر فاتح اور نہ بہتر شہید
…نا پڑتی۔ سب کے ساتھ ایکدم سے مرنا آسان ہے لیکن ایک ایک دوست اور ایک ایک عزیز
…دات بجز دم توڑتے دیکھنے کے لئے حسینؑ کا دل چاہئے۔ یہ مشکل اور صعب ترین کام حسینؑ
…صرف اسلئے کیا کہ منافق دلوں کا ذرہ ذرہ زنگ دور ہو اور ان پر ایمان کے نقش بیٹھ جائیں
…پہلے زنگ دور ہو تو دوسرا۔ دوسرے زنگ دور ہو تو تیسرا۔ اسی طرح بہتر تک۔ حسینؑ نے
…میدان جنگ کو منافقین امت کے لئے تعلیم اسلام کی ایک درسگاہ بنا دیا جس کے معلم بہتر چھوٹے
…بڑے نیک جوان اور بوڑھے تھے۔ جنہوں نے دین اسلام اور تربیت کردار کی نظری تعلیم
رجزوں اور خطبوں کے ذریعہ دی اور عملی تعلیم اپنی شہادتوں سے پیش کی۔

اگر جنگ مغلوبہ ہوتی تو صرف ایک ہی مختصر داستان ختم ہوتی۔ اور جو لالہ و نسرین کی
… Song of the Nibelungen کی طرح ایک مختصر نظم میں منظوم کی جاتی۔
…بہتر شہیدوں نے بہتر غم کی داستانیں بنا دیں اس سے کربلا کی ٹریجڈی یعنی المیہ لمبا ہو گیا
اور ہر مجاہد کی فضیلت عزم و شجاعت سے چمک اٹھی۔ ہم سب کو آنکھوں سے دیکھ کر اور سنکر

انقلاب ذہنیت کا بڑا فطری اور لازمی ہو گیا اور یہی مقصد شہادت تھا۔

آج جبکہ ملٹری سائنس نے حد درجہ ترقی کر لی ہے کوئی کمانڈر چیف بہتر
جوانوں اور بچوں کے لشکر کو ایک لاکھ بیس ہزار سپاہیوں کی فوج کے مقابلہ میں
قلب لشکر میں ترتیب دیکر قدم آگے بڑھے اور زوال عصر تک اُن کو پامردی سے
تسلیم کر لیں گے کہ حسین بھی عام جرنیلوں کی طرح کے تھے۔ حسینؑ ابن علیؑ نے اپنی عظیم
دل کو کام بھی ہزار معجزوں سے بڑھ کر لیا۔ معجزے کا کام ایمان و یقین پیدا کرنا ہے
کی شہادت معجزہ نہیں ہے؟ اس سے وہ قلعہ جو منافقت سے معاویہ نے کئی برسوں
کر کے مدت میں بنایا تھا حسینؑ نے ایک آدھ گھنٹے میں اپنی شہادت سے ڈھا کر
کھو کر دیا۔

نمازِ ظہر کی مہلت نہ دی

عرصہ تیس سال کا ہوا کہ لکھنؤ میں بی کا ہاکی گراؤنڈ
قیصر باغ کا فائنل میچ ہندو یونیورسٹی بنارس اور مسلم یونیورسٹی علیگڑھ کے درمیان
میں ہو رہا تھا اور علی گڈھ کی ٹیم دو گول کرنا ہی چاہتی تھی کہ قریب کی مسجد
اذان سنتے ہی مسلم یونیورسٹی کے سب کھلاڑی قبلہ رو ہو کر فیلڈ میں بیٹھ گئے۔ یہ منظر
تماشائیوں نے کہا کہ مذہب کا احترام اتنا ہی ہونا چاہئے۔ مگر عمر ابن سعد نے فرزند
نماز ادا کرنے کی مہلت نہ دی۔ حسینؑ ابن علیؑ اور ان کے مختصر ساتھیوں نے تیمم
کیا۔ اور نماز ظہر ادا کرنے کے لئے سب کھڑے ہوئے ہی تھے کہ کہ غداروں کی کمان
اور نمازیوں پر تیروں کی بارش شروع ہو گئی۔ زہیر قین اور سعید صف میں سے
فرزند رسول کے سینہ سپر بن کر آپ کے آگے کھڑے ہوئے اور تیروں کو اپنے سینوں
اس طرح فرزند رسول نے نماز ظہر ادا فرمائی۔

یہ کیا کہ عمر ابن سعد نے ایک شب کی مہلت عبادت کے لئے تو دیدی لیکن چند

نے نہ دی ، مہلت نہ دینے کی وجہ یہ تھی کہ وقت ظہر تک شامیوں کو بھی اپنے خود ساختہ
یہ کی آنحضرت سے قرابت کی حقیقت اور فرزندوں کی صحیح منزلت معلوم ہو چکی تھی۔ اسلئے
یشہ تھا کہ اگر کوفیوں کے ساتھ جو حضرت علیؑ ، حضرت حسنؑ اور حضرت حسینؑ نائب خاص جناب مسلم
نمازیں ادا کر چکے تھے اور حضرت حُر کا رسالہ جو حضرت امام حسینؑ کے پیچھے نماز پڑھ چکا تھا
فوج کے سپاہی بھی حضرت امام حسینؑ کے پیچھے نماز ظہر ادا کرنے کھڑے ہو گئے تو پھر خود یزید
بن علیؑ کی بیعت کرنا پڑے گی۔ اس نازک حالت کو قابو میں رکھنے کے لئے عمر ابن سعد نے
پر تیر برسائے تاکہ وہ خیموں میں بھاگ کر چلے جائیں اور وہیں نماز ظہر ادا کر لیا لیکن
مسلمان تو نماز ہی کے قائم کرنے کے لئے شہید ہونا چاہتے تھے وہ کب اس گندی اور
سیاست سے مرعوب ہونے والے تھے اس لئے تیروں کی بارش میں نماز ظہر ادا کی
نماز کی اہمیت کی ایسا عزم نا شان دنیا میں مسلمانوں کی ہدایت کے لئے قائم کر دی۔
جیسا خلیفہ ویسے ہی اس کے ماننے والے۔ یزید بھی نماز سے بے نیاز تھا۔ یقیناً جو
م کو آنحضرت کا رسول نہ سمجھے اسے نماز سے کیا سروکار۔ تاریخ سے یہ پتہ نہیں چلتا کہ
یزید نے نماز ظہر عمر ابن سعد کے پیچھے پڑھی تھی۔ حضرت علیؑ پر تبرا کرنے والے نو مسلم نے جو جواب
حبیب ابن مظاہر کو دیا اس سے پتہ چلتا ہے کہ وہ نماز کے برکات کا بھی قائل نہ تھا۔ اس
تو عشرہ مبشرہ مسلم یونیورسٹی کے دو گریجویٹ والی کھلاڑی تھے جو قرآن کی آیات سے ہی کھیل کے
میدان میں فی الفور بیٹھ گئے۔ اسی بنا پر تو میں کہتا ہوں کہ معاویہ یزید اور ان کے ساتھی سنی
مسلمان بھی نہ تھے بلکہ پکے منافق تھے۔ پس اگر حسینؑ ابن علیؑ یزید کی بیعت کر لیتے تو شیعہ تو
شیعہ آج دنیا میں ایک سنی بھی نہ ہوتا۔

ماتقول یا ابن فاطمہ کا ذریب

دشمن اسلام ابو سفیان کا یہی تو خیال تھا کہ
حضرت محمدؐ نے بنی ہاشم کا اقتدار بڑھانے کے لئے اسلام کا ڈھونگ کھڑا کیا ہے۔ اس نے

جب وہ اسلام کا مقابلہ نہ کر سکا تو اس نے بدرجہ مجبوری اور حفاظت جان اسلام قبول کر لیا
اور پھر اس بات کی کوشش کی کہ اسلام سے بنی ہاشم کا اقتدار نہ بڑھے بلکہ بنی امیہ کا بول بالا
ہو اور خاندانی عصبیت ثابت ہو۔ اسی کی نصیحت اس نے عثمان کو کی۔ اور بنو امیہ کو بھی مشورہ دیا کہ عثمان کی خلافت
کو اپنے گھر رکھو۔

معاویہ نے اپنے باپ ابو سفیان کی کوشش سے شام کی گورنری حاصل کر کے شامیوں کو
یہ سمجھا دیا کہ میں ہی آنحضرت کا عزیز قریب ہوں تاکہ وہ وقت جو اسلام کی وجہ سے دور دور تک
کو حاصل ہوا ہے اس کا میں مالک ہو جاؤں۔ اسی دھوکے جعل و فریب کی وجہ سے یہ دور دراز کے لئے
عمر ابن سعد فرزند رسول کو یا ابن فاطمہ کہہ کر مخاطب کر رہا تھا کہ شامیوں کو فرزند رسول کی حیثیت
معلوم نہ ہو سکے۔ اور یہی وہ سمجھتے رہیں کہ حقیقی وارث رسول یزید ہے اور اسی پر خوش ہیں کہ ایسے
خارجی نے خروج کیا ہے جس کے باپ کا بھی پتہ نہیں ہے۔ اقتدار پسندی نے ابو سفیان سے
کیا کیا نہ کرایا غیرات کرائی۔ بنی ہاشم سے حسب نسب میں مقابلہ کرایا۔ کافروں کا سرغنہ بنایا
اسلام کے خلاف جنگ کرائی۔ مسلمان بنوایا۔ پھر بنی ہاشم بنوا کر یہ جھوٹ بنوایا اور
دشمن تک رچوایا کہ نہ علی جو آنحضرت کا قریب ترین عزیز اور جانشین تھا۔ اسی جعل کی پردہ پوشی
کے لئے عمر ابن سعد "یا حسین" نہ کہہ کر یا ابن فاطمہ کہتا تھا۔ فرزند رسول نے اپنی آواز سے حقائق
اور مستند خطبوں سے کام لیا۔

درسگاہ ایمان

قربان گاہ کربلا کو فرزند رسول نے منافقین امت کے لئے درسگاہ
ایمان بنا دیا جس میں سب سے پہلے داخلہ حضرت حر کا ہوا اور وہ اسکے پہلے معلم یا کچھ اور بنے
بعد ازاں اپنے درجہ عالی سے شامیوں اور کوفیوں کو راہ حق دکھائی۔ ان کے بعد ہر ایک
مجاہد نے اپنے رجز سے اور موقع موقع پر فرزند رسول نے اپنے خطبوں سے گمراہ امت
کو صراط مستقیم دکھائی یہاں تک کہ یزید کی ٹڈی دل فوج کا ہر ایک سپاہی تردید کی آنحضرت

قوت سے، وہ ان شیعوں کی حقیقت سے باخبر ہو گیا۔ ایسی حالت میں مولانا امام حسین نے اپنے
دشمنوں کو سمجھانا شروع کیا، اگرچہ جو کچھ وہ رجزوں اور خطبوں میں کہہ رہے تھے وہ سب
ثابت اور خلاف غلط بیانی کے الزام کی روک کے لئے فرزند رسول نے یہ خطبہ فرمایا۔

(ترجمہ) مجھے نسبت تو دو کہ میں کون ہوں، پھر اپنے نفسوں کی طرف رجوع کرو
اور انھیں عتاب کرو، پھر غور کرو کہ میرا قتل کرنا اور میری حرمت کو برباد کرنا تمہارے لئے
روا و مناسب ہے؟ کیا میں تمہارے نبی کا بیٹا نہیں ہوں؟ کیا میں اسی نبی کے وصی
اور ان کے چچا کے بیٹے اور سب سے پہلے مومن سب سے پہلے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم کی ان تمام امور میں جو وہ خدا کی طرف سے لائے تصدیق کرنے والے کا بیٹا نہیں ہوں؟ کیا
سید الشہداء شہیدوں کے سردار حضرت حمزہ علیہ السلام میرے چچا نہیں ہیں؟ کیا حضرت جعفر جنت
میں پروں کے ساتھ اڑنے والے میرے چچا نہیں ہیں؟ کیا تمہیں وہ حدیث یاد نہیں جو حضرت
رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے اور میرے بھائی حضرت امام حسن علیہ السلام کے
متعلق ارشاد فرمائی ہے کہ "یہ دونوں جوانان جنت کے سردار ہیں" جو کچھ میں کہتا ہوں
اگر تم اس کی تصدیق کرو تو وہ حق ہے، جب سے وقت ولادت علم لدنی سے معلوم ہوا کہ اللہ جھوٹے
کو سرزنش کرتا ہے، خدا کی قسم میں نے جھوٹ نہیں بولا۔ اور اگر تم مجھے جھٹلاؤ تو دیکھو تم
میں ایسے لوگ ہیں کہ اگر تم پوچھو گے تو وہ تمہیں اس کی صحت کی خبر دیں گے، پوچھو جابر بن
عبداللہ انصاری اور سعید خدری، سہل بن سہل الساعدی اور زید بن ارقم اور مالک بن انس
سے وہ تمہیں بتلا دیں گے کہ انھوں نے یہ مبارک حدیث سرکار دو عالم سے سنی، کیا یہ بات
خون بہانے سے یہ تمہیں نہیں روک سکتی۔

اس پر شمر اور حضرت حبیب میں رد و بدل ہوا۔ تب حضرت نے فرمایا: اگر تمہیں
اس میں شک ہے کہ میں تمہارے نبی کا بیٹا ہوں، خدا کی قسم تم میں اور دوسرے لوگوں میں

جو میرے سوا کوئی بھی نبی کا بیٹا نہیں ہے۔ کیا میں نے تم میں سے کسی کو قتل کیا ہے؟ یا کوئی
مال میں نے تمہارا ضائع کیا ہو؟ یا کسی جراحت کا قصاص کرتے ہو...... خدا کی قسم میں
ذلیلوں کی طرح تمہاری بیعت نہ کروں گا، اور اے خدا کے بندو، میں غلام کے بھاگنے کی طرح
نہ بھاگوں گا، میں نے اپنے رب اور تمہارے رب کی پناہ مانگی ہے...... اے جماعت یزید تمہارے
لئے تباہی ہے اور افسوس ہو کہ تم نے حسرت کے وقت مدد کے لئے ہم کو بلایا! تو جب ہم جلدی جلدی
تمہاری پکار کے پیچھے گئے تو تم نے ہم پر تلوار نکالی...... تمہارے لئے افسوس ہے کیا ہوا
تم نے ہمیں اس حالت میں چھوڑ دیا کہ دشمنی کی تلوار میان ظلم سے نکلی، اور دل میں عداوت
ٹھان لی، لیکن تم مکھی کی طرح اسکی طرف آکر جمع ہو گئے اور پروانوں کی طرح اس آگ
پر جھک پڑے۔ اے لونڈیوں کے گروہ اور گروہوں میں سے متفرق ہونے والو، اور کتاب اللہ
کے چھوڑنے والو، اور کلام خدا کے بدلنے والو، اور پیران شیطان، اور سنتوں کو مٹانے
والو تمہیں رحمت خداوندی سے دوری ہو، افسوس تم ان کی مدد کرتے ہو اور ہماری مدد سے کنارہ کشی
کرتے ہو، خدا کی قسم غدر تو تمہارا قدیم سے ہے، تم بڑے اصیل ہو، دیکھو غیر باپ کے بیٹا بننے
والے اور ایسے ہی کے فرزند نے مجھے دو کاموں کے بیچ میں لا کھڑا کیا ہے، یا میں مارا
جاؤں اور یا ذلت اٹھاؤں، اور خبردار ذلت تو ہم سے دور ہی رہیگی، لیکن خدا
اس کا رسول مومن اور پاک پاکیزہ گودیں اور بلند ہمت والے، اور آن والے نفوس
اس سے انکار ہی کرتے رہیں گے۔ اور وہ کمینوں کی اطاعت کو زیادہ شہادت پر کبھی ترجیح
نہ دیں گے۔ میں باوجود عدد کی کمی اور مددگاروں کے نہ ہونے کے اس جنگ پر آمادہ ہوں لیکن جہاد سے
منہ نہیں پھیرتا ہوں اور جانتا ہوں کہ ہم سب شہید ہو جائیں گے۔ لیکن خدا کی قسم تم اسکے
بعد تھوڑا وقت بھی نہ گذارو گے کہ ہر کوئی تیغ انتقام سے قتل کئے جاؤ گے، اور اپنی کیفر
کو پہونچو گے...... اے اللہ ان سے بارانِ رحمت کو بند رکھ اور ان پر حضرت یوسف

سلام کے زمانے جیسے قحط کے سال ہیں۔ اور ان یخ بستہ شب کے لڑکے (یعنی محمد ثقفی)
کا فرما چکا ہیں وہ دردناک موت کے جام الٹ گئے۔ کیونکہ انھوں نے ہمیں جھٹلایا اور خواری
کی۔ اور تو ہمارا رب ہے۔ تجھی پر ہم نے توکل کیا ہے۔ اور تیری طرف ہی بازگشت ہے۔

بہترین ہتھیار ہے اور سب سے بہتر جنگوں کو سب سے [illegible]

پیش کرتا ہے۔ جو چیز کا مقرر یا مقالہ نگار، خاتمہ کلام پر وہ چیز پیش کرتا ہو جسے
پڑھنے والا آخر یاد رکھے۔ امام حسین نے بھی ایسا ہی کیا۔ ایٹم بم صرف ایک چھوٹے
کے برابر ہوتا ہے لیکن اس چھوٹی سی چیز میں بے پناہ انقلابی طاقت ہوتی ہے۔ جب
انصار اور بنی ہاشم شہادت پر فائز ہو چکے تو حسین اپنے دامن کو سایہ کر کے آپ آخری حجت
شامی سپاہی جو صفین میں قرآن کے اوراق نیزوں پر بلند کر کے اپنی جانیں بچا چکے تھے
کہ مصحف قرآن ناطق ہے۔ آپ ایک بلندی پر تشریف لائے اور اپنے دونوں
ہاتھوں پر حضرت علی اصغر کو بلند فرما کر کہا۔ یہ بچہ تین دن سے بھوکا اور پیاسا ہے۔ پیاس
کی وجہ سے اس کی ماں کا دودھ خشک ہو گیا ہے۔ اس کی حالت غیر ہو رہی ہے۔ اس کو تھوڑا
پانی پلا دو۔ تم اگر یہ سمجھتے ہو کہ بہانے سے خود پانی پی لوں گا تو تم اس غلطی ہو فوراً ریت
پر لٹائے دیتا ہوں۔ تم خود آؤ اور اسے تھوڑا پانی پلا دو۔ پھر شیر خوار کی جانب نظر کی اور فرمایا
تو ہی حجت خدا کا فرزند ہے اپنی حجت ان اشقیا پر تمام کر دے۔ یہ سنتے ہی بچے نے
اپنی خشک سی زبان سوکھے ہونٹوں پر پھیرنا شروع کر دی۔ فوج یزید میں کھلبلی مچ گئی۔ شامی اور
سب ہی کہنے لگے کہ حسین ٹھیک تو کہتے ہیں۔ آخر اس معصوم بچے نے کیا قصور کیا ہے۔ اسے پانی
کیوں نہیں دیا جاتا۔ کچھ اس بے بسی پر رونے لگے کچھ نے پانی پلانے کا ارادہ کیا۔ فوج کی یہ
حالت دیکھ کر عمر ابن سعد پریشان ہو گیا۔ اس نے حرملہ کو حکم دیا۔ حسین کے کلام کو قطع کر دے
حکم پاتے ہی حرملہ نے ترکش سے زہر آلود تین بھال کا تیر نکالا اور دوش پر سے کمان اتاری۔ تیر کو

چلّہ کمان میں جوڑ کر نشانہ لیتا تو اس کا ہاتھ قلم ہو جاتا اور تیر زمین پر گر گیا۔ تین بار ایسا ہوا
ہوا جب چوتھی بار تیر چلا تو علی اصغرؑ جو ننھا سا تھا چھید کر حسینؑ کے بازو میں در آیا۔ جب حسینؑ کے
ہاتھوں پر لاش آ گئی۔

حرملہ کے تیر سے جو بچہ شہید ہوا وہ حضرت علی اصغرؑ تھے جو حسینؑ کے ہاتھ کو بلند کیا لیکن
حقیقت میں حرملہ کا تیر منافقت کا کھلا چہرہ تھا جو یزید کی بنیادوں اور کھلی مخالفت میں واضح ہوئے
پیوست ہو گیا۔ فوج یزید کے ہر سپاہی کے دماغ میں یزید کے ظلم کی تاویل غرض تصویر کشید کی
ہو چکی جو حافظے کبھی بھلائی نہ جا سکی۔ حضرت علی اصغرؑ کی شہادت نے ذہنی انقلاب پیدا کرنے
کیلئے اور منافقت کے قصر کو مسمار کرنے سے منافقت کے انہدام کا کام کیا۔ شہادت کے بعد ہی
امویوں کی سیاست کا زوال شروع ہو گیا۔ فرزند رسولؐ اپنی مہم میں کامیاب ہو گئے۔

حضرت علی اصغرؑ کی بیعت پر بات کیوں کی؟

شہید ہوا کی لاش شامل کرنے کا کام ہو سکے مشکل اور صعب ترین
تھا۔ بچے کے بڑے صابر حضرت کی ضرورت تھی جس نے سب کی
وقتی طور پر معصوم ننھے سے انکار کرنے اور کچھ شہیدوں میں ننھا مجاہد کسی کے وطن کا پتہ کوئی کر سکا
فرزند رسولؐ نے علی اصغرؑ کو کیوں دفن کر دیا؟ آپ امویوں کی بربریت سے واقف تھے۔ یزید کی دادی
ہندہ نے تو حضرت امیر حمزہؓ کا جگر نکلوا کر چبایا تھا۔ آپ یہ بھی جانتے تھے کہ درندے بدبختوں کے ساتھ بھی
اسیر کیا سلوک کرتے ہیں۔ لاشوں کے گرد گھوڑے دوڑائے جائیں گے اور ان کو گھوڑوں کے سموں سے پامال
کیا جائے گا۔ سروں کو تنوں سے جدا کر کے نیزوں کی نوکوں پر شہر شہر تشہیر کرایا جائے گا۔ پس اگر
علی اصغرؑ کو فرزند رسولؐ دفن نہ کرتے تو ان کا چھوٹا سا سر تن سے جدا کیا جاتا اور کسی نیزہ پر بلند کر کے
تشہیر کرایا جاتا۔ سلطنت یزید میں جتنے منافق تھے ان کی اکثریت ارض کربلا پر موجود تھی۔ ان
میں ذہنی انقلاب اور حق و باطل میں امتیاز دریافت کرنے کی فکر پیدا کرنے کی غرض سے حضرت
علی اصغرؑ کی شہادت ہو چکی تھی اب اگر ان کا ننھا سا سر شہر شہر پھرایا جاتا تو مسلمانوں میں تحقیق

سخت غیظ و غضب پیدا ہوگا جس کی تاثیر سے شدید جوش اور خونریزی کے امکانات تھے اس لئے ان کی نعش کو سپرد خاک کیا اور یہی بہتر ہوا۔

حفاظت اسلام مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ یا زبان سے کسی کو نقصان نہ پہونچے۔ یہ وہ قاعدہ ہے جس کا قرآن میں قائم کیا جا سکتا ہے۔ مومن۔ امام خلیفہ وہ ہے جو ہر مسلمان کو اور کسی دوسرے انسان کو ہاتھ یا زبان سے نقصان پہونچانے سے منع کرے اور روکے۔ فرزند رسول نے یہ کامل مثال پیش کی اس عالم کے لئے یہ آپ کی ایک زبردست اسلامی خدمت تھی۔

زوال عصر کا وقت ہے ایک ہزار نو سو اکاون زخم کھا کر راکب دوش رسول پشت زین سے زمین پر گرے۔ انہوں نے آپ کا سر قلم کرنے کے لئے ہاتھ اٹھایا مگر جو قریب آیا وہ فوراً الٹے پیروں بھاگا۔ چالیس آدمی ایک ایک کر کے آپ کو قتل کرنے کے ارادے سے بڑھے مگر مظلوم کربلا کی ہیبت سے لرزہ براندام ہو کر واپس ہو گئے۔ آخر یہ شمر آیا۔ آپ نے شمر سے فرمایا میں جنت کا سردار اور مہمان ہوں۔ میں خود مر جاؤں گا۔ میرے خون سے اپنے ہاتھوں کو مت رنگ۔ کیونکہ میں یہ نہیں چاہتا کہ دنیا میں یہ مشہور ہو کہ حسین کا قاتل ایک مسلمان تھا۔ اس طرح حسین ابن علی کا سر کٹا کر تبلیغ اسلام کرنے کی حالت میں کند خنجر سے کاٹا گیا۔ حضرت عمر ٹھیک کہتے تھے کہ اگر میرے بعد حضرت علی کو خلیفہ منتخب کیا جائے گا تو وہ سب کو مسلمان ہی بنا کر دم لیں گے۔ اسی طرح اگر حضرت علی کے بعد حضرت حسن اور ان کے بعد حضرت حسین خلیفہ بنائے جاتے تو یقیناً کسی مسلمان کے ہاتھ یا زبان سے کسی کو کوئی نقصان نہ پہونچتا، اور آج دنیا میں اس طرح ہندو اور غیر مسلم ... مسلمان کتنی عزت کی نظر سے دیکھے جاتے۔

بعد شہادت انقلاب، انقلاب، انقلاب۔ زمین پر انقلاب۔ آسمان پر انقلاب۔ فرزند رسول کے خیموں میں شعلہ فشاں آگ سے انقلاب۔ شہدا کی لاشوں کی پامالی سے گھوڑوں کے سموں میں خونی انقلاب۔ کوفی اور شامی سپاہیوں کے دلوں میں انقلاب۔ بعد عصر ابن کربلا

ہر سانس لینے والا اپنے دل سے پوچھتا ہے

یہ کیا ہوا؟ یہ کیوں ہوا ——— ؟ اب کیا ہونا چاہئے ——؟

دشمنانِ اہلبیت، قاتلانِ حسینؑ، اور یزید پرست اور جفاکار، جو وقت سے پہلے ہی یزید کی حقیقت بے نقاب ہو گئی۔ فرزندِ رسول کی معرفت سب کو ہو گئی۔

آغازِ انتقام حالانکہ ابھی حسینؑ کے بہتے ہوئے خون کی دھار بھی نہ رکی تھی، اور ابھی یزید بمشکل چند گھنٹے قبل سامنے کے ساتھ حسینؑ کے خون کے پیاسے تھے اب تک آ حسینؑ کی عظمت کے قائل ہونے۔ جنہوں نے قتل کیا، اور جب خیام حسینی لوٹے جانے لگے تو قبیلہ بکر بن وائل کی ایک عورت اپنے شوہر کے ساتھ یزید کی فوج میں موجود تھی اس نے ایک تلوار لی اور خیام حسینی کی طرف بھیج اور کہنا شروع کیا کیوں اے بکر بن وائل کی اولاد کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کی بیٹیاں لوٹی جائیں گی؟ حکم تو صرف اللہ ہی کا ہے رسول اللہ کے خون کا عوض لینے والا تیار ہو جائے۔

ابن زیاد کو اس کے بھرے دربار میں عبداللہ بن عفیف نے سخت درشت کہا اور لعنت ملامت کی۔

کوفہ میں گریہ و بکا علی مرتضیٰ کی بیٹیاں اسیرانِ رسول کی قید ہو کر یہاں جناب زینب خاتون ام کلثوم جب بازار کوفہ میں اور حسن بستہ پہنچیں تو انہوں نے اپنے خطبوں سے کوفیوں کو رلا دیا۔ ثانیِ زہرا نے مجمع کو مخاطب کر کے کہا۔

" بعد حمد و ثنا کے — اے اہلِ کوفہ، فریب کے پتلو! کیا تم روتے ہو، خدا کرے کہ تم ہمیشہ روتے رہو، جو کچھ تم نے ہم پر ستایا ہے۔ اور تمہاری یہ چیخ و پکار اور آہ کبھی نہ تھمے اے کوفہ والو تم نے ایمان کو دھوکہ اور فریب کا ذریعہ بنا رکھا ہے —— تمہیں معلوم ہونا چاہیئے تمہاری جماعت میں سے جس قدر افراد ہیں سب کے سب دشمنانِ دین اور مخالفِ حق ہیں۔ بلکہ تم نخوت اور تکبر کے ساتھ اس قدر آراستہ ہیں کہ ان کے سامنے شیطان جیسا متکبر بھی شرمندہ ہے

یا تمہارے خیال میں خواہشات نفس نے اس کام کو اچھا کر دکھایا ہے۔ ہمیں سب کچھ پتا ہے ...

اللہ کی قسم تمہیں گریہ کثیر اور خندہ قلیل کرنا چاہئے اور خوش نصیب ہونا چاہیئے کیونکہ تم ایسے قبیح عمل کے مرتکب ہوئے ہو جس کے باعث تمام امت محمدی کے عیوب و نقائص کا سارا بوجھ تم نے اٹھایا ہے اور وجہ یہ ہے کہ ... کیونکہ تم نے ایسے فرد کامل کو شہید کیا ہے جو خاتم الانبیا علیہم السلام کا نواسا اور جوانان بہشت کا سردار تھا ...... بیشک تم نے بہت بڑا گناہ کیا ہے۔

خداوند عالم تم پر اپنا قہر و غضب نازل فرمائے ...... اے اہل کوفہ تم پر عذاب ہو۔ تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کے جگر کو کس طرح پاش پاش کیا اور اس کی باعفت و عصمت پردہ نشینوں کو کس ظلم کے ساتھ اسیر و قید کیا ہے ...... اے کوفہ والو! اس وقت تم کیا جواب دو گے

جب جناب رسالتمآب بروز قیامت تم سے پوچھیں گے کہ اے آخری امت تم نے میرے بعد میرے اہلبیت کے ساتھ کیا سلوک کیا۔ میں نے تمہاری خیر خواہی کی تھی تو اس کا عوض یہ ہرگز نہ تھا کہ تم میرے رشتہ داروں سے میرے بعد ایسا برتاؤ کرتے

بازار کوفہ میں حضرت ام کلثوم کا خطبہ

اسی روز جناب ام کلثوم نے کوفہ والوں کو مخاطب کر کے فرمایا: اے اہل کوفہ خدا تمہیں اس کی بری سزا دے کہ تم نے حسین لخت جگر رسول کریم کو بے یار و مددگار شہید کر دیا اور اس کے اموال کو لوٹ کر زبردستی وارث بن بیٹھے اور اس کی مستورات عصمت کو اسیر بنا کر وہ زخم لگایا جو کبھی مندمل نہ ہوگا۔ پس تمہارے لئے عذاب ہو۔ کیا تمہیں معلوم نہیں کہ کونسی آفتیں اس وقت تم پر ہجوم کر گئی ہیں اور کس قدر بڑے گناہ کا ارتکاب تم نے کیا ہے اور کون سے خونوں کو تم نے بلا جرم خاک و ریگ میں ملا دیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نواسیوں کو تم نے کس قدر ایذا دی اور ان کو سر برہنہ کیا اور ان کے اموال لوٹ لئے ہیں۔ تمہیں باخبر ہونا چاہیے کہ تم نے ان اشخاص کا ناحق شہید کیا ہے جو امت محمدی میں سب سے افضل تھے اور تمہارے دلوں سے رحمت کو اٹھا لیا گیا۔ بیشک جو اللہ کا گروہ ہے

دروازہ قلعت میں کیا ہوا ہے تو ... اور تم شیطان کا گروہ ہے ... اور نقصان اٹھانے والا
کوفہ سے شام تک۔ ابن زیاد کی فوج کے سرداروں نے میدان کربلا میں اپنی فوج کے
چالیس ہزار ... آٹھ ہزار پانسو جناب امام کے ... نیزوں پر ... مردوں اور عورتوں کو
روتے دیکھا اور بچے کربلا کا رخ پلٹ گیا۔ اب وہ ... ان راستوں سے شام پہنچے جن پر
دوستداران اہلبیت کی کوئی آبادی نہ تھی اور یہ مشہور کیا گیا کہ ایک خارجی نے خلیفۂ وقت یزید پر
خروج کیا تھا اس کا سر یزید کی طرف بھیجا جا رہا ہے اور اس کی عورتوں کو قید کیا ہے۔
کوفہ سے دریائے فرات تک ... کنارے کنارے یہ قافلہ روانہ ہوا۔ تکریت میں ایک نصرانی نے
سرِ اقدس کو پہچان کر اپنی قوم سے کہا: "یہ تو سید الرسول فرزند رسول حسین ابن علی کا سر ہے۔"
نصاریٰ یہ خبر پا کر برآمد ہوئے اور کہا کہ ہم اس قوم سے بیزار ہیں جنہوں نے اپنے رسول کے فرزند
کو ظلم و ستم سے قتل کر ڈالا۔ یہ خبر پا کر ملاعین جلد کر ... پہنچے وہاں کے مردوں اور
عورتوں نے نفرین کی اور کہا کہ اے اولاد انبیاء کے قتل کرنے والو! ہمارے شہر سے نکل جاؤ۔
جب شہر موصل میں داخل ہوئے تو وہاں پر بھی ایک شخص نے کہا: کہ یہ خانوادۂ رسول امام حسین
کا سر ہے۔ سنتے ہی اہل موصل اور خزرج کے چالیس ہزار شاہ سواروں نے جمع ہو کر قسم کھائی کہ یزیدیوں
کو قتل کر کے سر اقدس کو چھین لیا جائے۔ جیسے ہی اس کی اطلاع یزیدیوں کو ملی انہوں نے شہر میں
داخل ہونے کا ارادہ ترک کیا اور ... پہنچے۔ یہاں ایک گروہ نے مظلومیت آل رسول پر
رونا شروع کر دیا۔ ملاعین نے یہاں سے بھی جلدی کوچ کیا اور نصیبین پہنچے۔ اہل نصیبین
نے شہر کے دروازے بند کر لئے اور ان پر لعنت و ملامت کر کے پتھر برسائے اور کہا: اے اہل کوفہ
اولاد انبیاء کو قتل کرنے والو بخدا تم ہمارے شہر میں داخل ہرگز نہ ہو سکو گے۔ پھر جب یہ ملاعین
سیبور پہنچے تو وہاں بھی ان پر نفرین کی گئی۔ باوجود ... کی انتہائی کوشش کے ان
ملاعین پر ہر جگہ لعنت کی گئی اور بمشکل دمشق پہنچ سکے۔

دربارِ یزید

فتح کی خوشی میں یزید کا دربار سجا ہوا تھا اور امیروں سے بھرا ہوا تھا۔ سرِ حسینؑ ایک طشت طلا میں رکھا تھا۔ اور سامنے مخدراتِ عصمت و طہارت رسیوں میں جکڑے ہوئے کھڑے تھے۔ نصرانی سفیر روم نے سرِ حسینؑ کو دیکھ کر یزید سے پوچھا کہ یہ کس کا سر ہے؟ یزید نے جواب دیا کہ یہ سر حضرت محمدؐ کے نواسے حسینؑ ابن علیؑ کا ہے جس نے ان کو اسلئے قتل کرا دیا کہ یہ مدعی خلافت تھے۔ نصرانی نے کہا اے یزید حیف ہے تجھ پر اور تیرے جیسا ہوا کہ تو نے اپنے نبی کے نواسے کو قتل کیا۔ ارے یہ حقدار خلافت تھا یا تو؟ اور پھر وہ نبی جو خاتم المرسلین ہو اس کا نواسہ ...... خدا تمہارے دین کا برا کرے۔ تمہارا دین کیسا ہے۔

نصرانی کے مکالمے سے معاویہ کے پروپیگنڈے کا پول کھل گیا۔ شامیوں کو معلوم ہو گیا کہ یزید نہ آنحضرت کا عزیز قریب ہے اور نہ حقدار خلافت ہے بلکہ جو حقدار خلافت تھا اُسے اس ملعون نے قتل کر دیا اسلئے نصرانی پر یزید کو غصہ آ گیا اور اسے قتل کرا دیا۔

وہ نیو جس پر یزیدیت کی عمارت کو معاویہ نے قائم کیا تھا وہ ڈھا چکی تھی۔ یزید ابھی نخوت اور غرور کے نشے میں سرشار تھا اس نے اسی مستی میں چند شعر پڑھے۔ جس کا مطلب یہ تھا کہ آج میرے آباؤ اجداد کی روحیں خوش ہو رہی ہونگی اسلئے کہ میں نے آلِ ہاشم سے بدلہ لیا اور اب چونکہ پنجتن کا خاتمہ ہو چکا ہے اسلئے اس نے نہایت آزادی سے اپنا آبائی مذہب اور اعتقاد کا بھرے دربار میں اعلان کر دیا۔ اور وہ یہ کہ جیسا جو اس کا دادا ابوسفیان کہا کرتا تھا محمدؐ پر نہ وحی آتی تھی اور نہ وہ رسول تھے۔ انھوں نے تو بنی ہاشم کا اقتدار بڑھانے کیلئے اسلام کا ایک ڈھونگ رچایا تھا۔ بھرے دربار میں یزید نے اپنے اس اعلان سے سیاست آلِ امیہ کے تابوت میں آخری کیلیں ٹھونک دیں۔ منافق نے اپنے مذہب کا اعلان کر دیا۔

تب جناب زینب سلام اللہ علیہا نے کھڑے ہو کر یہ خطبہ ارشاد فرمایا:

اے یزید یہ لعنات اللہ تعالیٰ کیا تو نے اطراف عالم کو ہم پر تنگ کر د
اور مصائب آلام نازل کرکے اسیر بنانے کے باعث یہ ظن قائم کر لیا ہے کہ تو اللہ کے
نزدیک مقرب ہے اور ہم ذلیل و خوار ہیں ایسا ہرگز نہیں بلکہ تیرے اسے بے محل خوشی منا
کے باعث فقط تیرا تکبر اور حماقت ہے ...... اس خوشی اور فخر و ابتہاج کے کیوں ف
کر دیا تو نے خداوند عالم کے اس ارشاد باصواب کو نہیں سنا کہ کفار کو جو مہلت دی گئی ہ
یہ ان کی بہتری اور بہبودی کے لئے نہیں بلکہ اس لئے کہ وہ سرکشی اور معصیت کی دنیا
میں کما حقہ غرق ہو لیں ...... کیا تجھے شرم نہیں آتی کہ دختران رسول کو اس منظر عام
لاکر خوشی منا رہا ہے ...... ایسے خبیث الاصل سے رقت قلب اور رحم کی کیا امید
ہے جو ابتدا ہی سے اذکیا کے جگر چبانے کے عادی ہیں اور جس کا گوشت خون شہدا ہی
ساتھ پیدا ہوا ہے اور ہماری طرف بغض و کینہ کی نگاہ سے دیکھنے والا ہماری عداوت میں
کوتاہی کر سکتا ہے۔ پھر تو اے ابن خبیث بیچ بوڑھوں کے اشعار پڑھ کر یہ مطلب بیان کرتا ہے
اگر میرے گذشتہ آباؤ اجداد موجود ہوتے تو میرے اس فعل پر مرحبا کے نعرے کرتے ہوئے
دیتے کہ اے یزید تیرے دونوں ہاتھ کبھی بھی شل نہ ہوں حالانکہ اے خبیث اس مقام پر تجھ
مار رہا ہے جہاں رسول بوسے دیتے ہوئے تھکتے نہ تھے ...... اے ملعون تو اپنے
اجداد کو خوشی کے باعث پکار رہا ہے یقیناً تو بھی انکی طرح جہنم میں جا گزیں ہو گا اور
یہ خواہش کرے گا کہ دنیا میں میرے ہاتھ پاؤں شل ہوتے تاکہ کسی پر ظلم نہ کر سکتا اور
بھی ہوتا کہ کسی کو لسانی تکلیف نہ دیتا اور جو کچھ عالم دنیا میں کیا ہے نہ کیا ہوتا

لے۔ تو اسی دعویٰ یزید کے بھرے دربار میں یہ خطبہ ... کہ مسلمان وہ ہے
ہاتھ یا زبان سے کسی کو نقصان نہ پہنچے۔

تعجب کی بات ہے کہ لشکر شیطان نے لشکر خدا و بندگان عالم کو قتل کر دیا اور ان مجیبوں کے ہاتھوں سے خون کے قطرات گر رہے ہیں اور شہدا کی لاشیں بے گور و کفن تپتے ہوئے ریگستان میں موجود ہیں۔ اے ملعون! آج تو نے ہمارے مردوں کو قتل کرنا اور اموال کو لوٹ لینا اگرچہ غنیمت سمجھ رکھا ہے لیکن عنقریب تجھے اس کے عوض عذاب کا سامنا کرنا پڑے گا تب تجھے پتہ چلے گا۔ بس ہم اللہ کی طرف شکایت کرتے ہیں اور اسی پر بھروسہ ہے۔ تجھے جتنی کوشش اور مکر کرنا ہے کر لے۔ اللہ ہمارے ذکر خیر اور وحی الٰہی کو آخر تک باقی رکھے گا اور تیرے اس عیب اور فعل قبیح کے باعث تجھ پر لعنت ہوتی رہے گی۔ اور تجھے غافل نہیں ہونا چاہیئے۔ کیونکہ عنقریب تیری زندگی کے دن ختم ہو جائیں گے اور تیرا یہ لشکر کام نہیں آئے گا۔

عام بغاوت انقلاب کی لہریں کربلا کے ریگ زار سے لہراتی ہوئی اٹھیں اور قیامت تک اٹھتی ہوئی چلی جائیں گی۔ ایک فرد ہو یا پوری قوم، ایک شہر ہو یا پورا ملک، ایک ملک ہو یا پورا براعظم، مستبدہ حکومت ہو یا مشروط نظام، جمہوریت ہو یا اشتراکیت کسی نے بھی حسینی انقلاب کی لہر کو روکنے، کچلنے، دبانے یا دبانے کی کوشش کی اس کا انجام عبرتناک ہوا۔ اس کی تفصیل ایک ضخیم کتاب چاہتی ہے۔

ہر طرف یالثارات الحسین کے نعرے بلند ہونے لگے۔ کوفہ و حجاز میں انقلاب نے کروٹ لی۔ خود شام میں ایسے افراد پیدا ہو گئے جو قتل حسینؑ کو بدترین فعل سمجھ کر یزید اور بنی امیہ پر لعن کرنے لگے۔ اس وقت جو بھی خلافت کا دعویدار بن جاتا دنیا اس کا ساتھ دیتی۔ عبداللہ ابن زبیر نے اس موقع سے فائدہ اٹھایا۔ خون حسینؑ کا انتقام لینے کے لئے اپنی خلافت کا اعلان کیا۔ حجاز، یمن، عراق اور مصر نے عبداللہ ابن زبیر کی خلافت کو تسلیم کر لیا۔ اگرچہ اس وقت حجاز، یمن، عراق کی فوجیں لیکر مشرق، مغرب اور جنوب کی جانب سے شام پر

حملہ کر دیتے تو سلطنت بنی اُمیہ کا اسی وقت خاتمہ ہو جاتا اور سلطنت اسلامیہ کے خلیفہ
سُنّی مؤرخ علامہ عمر ابو النصر مصری اپنی کتاب یزید بن معاویہ کے صفحہ ۹۱ پر لکھتے ہیں کہ

"شہادتِ حسینؑ سے ایک یہ بھی اثر ہوا کہ شیعیت ان اہلِ فارس میں بھی عام ہو گئی جن کا تعلق امام حسینؑ سے بطور دامادی کے قائم ہوا تھا اہلِ فارس امام حسینؑ اور ان کی اولاد کو اس لئے زیادہ مستحق خلافت سمجھتے تھے کہ امام حسینؑ کی اولاد میں خالص عربی خون اور خالص فارسی خون کی آمیزش ہو گئی تھی۔

اب حسینؑ کا نام انقلاب تھا۔ سلیمان ابن صرد خزاعی نے کوفہ میں انقلاب پیدا کر دیا۔ حضرت حسینؑ ابن علیؑ نے روز عاشور اپنے آخری خطبہ میں یہ تمنا کی تھی کہ امیر مختار یزیدیوں کو موت کے جام پلائے، وہ پوری ہوئی۔ امیر مختار نے قاتلان شہدائے کربلا کو چن چن کر موت کے جام پلائے۔ عمر ابن سعد کی بیوی امیر مختار کی حقیقی بہن تھی۔ اس مومنہ نے بجائے اپنے منحوس شوہر کی جان بخشی کی سفارش کرنے کے اپنے بھائی مختار سے کہا کہ مجھے جلدی اس منحوس کی زوجیت سے نجات دلائے۔

مدینہ پر بے نقاب

مدینہ کی بغاوت کو سنتے ہی یزید آگ بگولا ہو گیا۔ مسلم بن عقبہ جسے مؤرخ المری ایک جابر شیطان کہتا ہے کمانڈر مقرر کیا۔ یزید کے منادی نے دمشق کی گلیوں میں یہ آواز لگائی "لوگو! پورے عطایا لیتا ہوں تو جنگ کے لئے حجاز کا رُخ کرو۔ ہر شخص کو سو سو دینار تو اسی وقت بٹنے جائیں گے"۔ اس خبر کو سنتے ہی بارہ ہزار آدمی تو اسی وقت تیار ہو گئے۔ مدینہ پر مسلم نے حملہ کیا جس کی روداد اسی ملعون نے بذریعہ خط یزید کو روانہ کی۔ مسلم نے ایک ہزار سات سو تو صرف صحابی رسولؐ قریش، انصار، مہاجرین قتل کرائے اور دس ہزار عوام نہایت بیدردی سے موت کے گھاٹ اُتار دے۔ مساجد کی بے حرمتی کی اور ان کو گھوڑوں کا اصطبل بنایا اور مقدس مقامات کو تباہ کر کے ان کو لوٹا۔ جو کچھ قتل ہونے سے بچے اُن کو

یزید کا غلام بنایا۔ جنھوں نے یزید کی غلامی سے انکار کیا ان کو بے دردی سے ذبح کیا گیا۔ مدینہ کی جو علمی درسگاہیں، نبی و خلفائے راشدین کے زمانہ میں قائم کی گئیں تھیں اُن میں سے بعض کو منہدم کیا اور باقی کو بند کر دیا گیا۔ مسلم اپنے خط میں لکھتا ہے:

ہم نے خوب تلواریں چلائیں اور ان کے بڑے بڑے آدمیوں کو قتل کیا اور جو سامنے آیا قتل کیا۔ یہاں تک کہ شہر کو پاک و صاف کر دیا اور ان کی لاشوں پر گھوڑے دوڑائے۔ تین دن تک امیر المومنین کی ہدایت کے مطابق خوب لوٹ کھسوٹ کی۔ پس اس اللہ کا شکر ہے جس نے میرے دل کی پیاس کو بجھایا اب میں بیمار ہوں اور موت کا انتظار کر رہا ہوں۔"

جب یزید نے یہ خط اپنے بیٹے معاویہ کو پڑھ کر سنایا تو وہ زار و قطار چیخ چیخ کر رونے لگا یزید نے رونے کا سبب پوچھا تو اس نے کہا "جو لوگ اہل مدینہ سے مارے گئے اُن کے قتل پر رو رہا ہوں ان کو قتل کر کے ہم نے اپنے آپ کو قتل کر لیا ہے۔" اس پر یزید نے کہا تو نے بھی انکو قتل کر کے اپنی پیاس بجھائی ہے۔

مدینہ کے مظالم کی طویل داستان میں سے صرف ایک ہولناک کہانی سن لیجئے

یزیدی فوج کے ایک سپاہی نے ایک عورت سے کہا کہ جو کچھ تیرے پاس ہے وہ میرے سامنے لاکر رکھ دے ورنہ خدا کی قسم میں تیرے اس بچے کو قتل کر دوں گا۔ اس پر عورت نے جواب دیا "تیرا برا ہو۔ یہ ابن ابی کبشہ انصاری صحابی رسول کا پوتا ہے۔" پھر اپنے بچے کی طرف مخاطب ہوئی اور کہا "اے میرے پیارے بچے خدا کی قسم اگر میرے پاس کوئی چیز ہوتی تو تیری جان بچانے کے لئے میں اسے عوض میں دے دیتی۔ اس فوجی نے ماں کا دودھ پینے کی حالت میں اسکی ٹانگ پکڑی اور ماں کی گود سے گھسیٹ کر اس کو دیوار پر اس زور سے پٹخا کہ بچے کا بھیجا پھٹ کر زمین پر بکھر گیا۔ یہ فوجی جب اسکے گھر سے نکلا تو اسکا آدھا چہرہ کالا ہو چکا تھا۔

مدینہ کی تباہی کے بعد مکہ پر چڑھائی کی۔ راہ میں مسلم بن عقبہ مرا۔ اسے دفن کر کے فوج

فوج کی طرف بڑھی کچھ لوگوں نے قبر کھود کر اس ملعون کی لاش نکالی اور اسے
جلا کر خاک میں ملا دیا۔

شامی فوج ابن حصین کی سرکردگی میں تھی جس نے مدینہ پہنچتے ہی ۳ ربیع الاول
کو منجنیقوں کے ذریعے بیت اللہ پر پتھروں کی بارش شروع کر دی۔ اس طرح کعبہ منہدم ہو
اور اس کی بنیادیں تک ہل گئیں۔ اہل مدینہ مقابلہ کرتے رہے تھے کہ اگر اہل شام کی فوج
پر غالب ہو گئی تو ان کا انجام بھی ویسا ہی ہوگا جو اہل مدینہ کا ہوا تھا۔ ۲۰ ربیع الاول
کو یزید مر گیا۔ شامیوں نے مکہ کا محاصرہ ختم کیا اور شام کی طرف چلے گئے۔ اس طرح بے
اہل حجاز اور اہل مدینہ کے ہاتھوں قتل کر دئے گئے

دشمن کی امداد

حصین ابن نمیر اپنی فوج کو بچانے کی غرض سے غیر معروف
راستوں سے گزر رہا تھا کہ ایک ایسے مقام پر پہنچے
جہاں پانی نایاب تھا فوج نے شدت پیاس کی وجہ سے ڈیرے ڈال دئے اور گھوڑے
اپنی موت کا ہم آگے بڑھ نہیں سکے۔ رات کا وقت تھا حصین پانی کی تلاش میں چلا۔ تلاش
کرتے یہ مدینہ کے قریب پہنچ گیا رات ختم ہو رہی تھی اور اسے یہ پتہ نہ تھا کہ وہ کہاں جا
پریشانی کی حالت میں اسے بہت دور پر ایک اونٹ اور ایک آدمی چلتے ہوئے نظر آیا۔
اپنا گھوڑا دوڑا کر اسکے قریب جو پہنچا تو دیکھا کہ اونٹ پر پانی سے بھری ہوئی مشکیں لد
ہوئی ہیں۔ حصین نے زور کر پوچھا "اے شیخ یہ پانی ہمارے ہاتھ بیچے گا"۔ اس اجنبی نے جواب
کیا پانی بھی بیچنے کی چیز ہے؟ تجھے اگر ضرورت ہے تو یہ سب پانی بلا قیمت لے لے
حصین کو یہ سن کر حیرت ہوئی۔ گھبرا کر پوچھنے لگا "کیا آپ علی ابن الحسین ہیں"؟ فرمایا
ہاں میں حسینؑ ابن علیؑ کا فرزند ہوں۔ حصین نے کہا کیا آپ نے مجھے پہچانا؟ جناب سید سجاد
نے جواب دیا "ہاں تو وہی حصین ابن نمیر ہے جس نے روز عاشور کربلا میں میرے والد حسین

ی نے منہ پھیر لیا تھا ۔ اس نے کہا تھا کہ وہ ان لوگوں کی ندامت قبول نہ ہوگی ۔ حقیقت سے
ت کر کہا حسین آپ کو یہ خوشخبری سناتا ہوں کہ یزید مر گیا تخت شام خالی ہے ۔ اگر
چاہئے کہ میں بیعت کروں اور آپ کو تخت شام پر بٹھا دوں ۔ ایوب کربلا نے جواب دیا
یا اور ہو ۔ مجھے مال دولت و شاہت کی خواہش نہیں ہے ۔ ایم الحسن بنی ہاشم کے امام حسین ؑ
حسین اور اہل بیت کی رہائی فوج کو سامان رسد اور پانی دیا ۔ یہ وہی شامی فوج ہے جسے
ابن کربلا ۔ تا ادبی مدینہ اور کہ میں پیدا شت ۔ خون کیا تھا اور جو خون ناحق حسین کا انتقام
دوں سے پیچھے ہٹی شام کو واپس جا رہی تھی ۔ دشمن کے ساتھ نیکی کرنا بنی ہاشم کی
کی صفت تھی جس سے یہ نیز خود حسین ابن علی ؑ سے یزید کے حق میں بیعت لینے کی فکر میں تھا
یا وہ حضرت علی ؑ ابن حسین کی بیعت کیوں کرنا چاہتا تھا ۔ یہ انقلاب ذہنیت کیوں ہوا ؟
شہادت حسین ؑ ابن علی ؑ کا اثر عالمگیر ہوا ۔ خود یزید بھی اس سے متاثر ہوا

اشکِ ندامت

مسعودی اور مولف مرآۃ الظفر کی لکھتے ہیں : جب تھوڑے ہی دنوں
ے بعد یزید پر لعنت بھیجنے لگے اور اسکو محسوس ہوا کہ امام حسین کو قتل کر کے اس نے کیا برا کام
ہیں کیا چنانچہ کہنے لگا ۔ مجھے کیا ہو گیا تھا میں تکلیف برداشت کر لیتا اور امام حسین کو بلا کر اپنے
مکان میں ٹھہرا لیتا اور جو وہ چاہتے ویسا ہی ان کے ساتھ سمجھوتہ کر لیتا اسکے علاوہ رسولؐ کے حقوق
کی حفاظت کو وہ تنہا رہ گئے ہوں مجھے ایسا ہی کرنا چاہئے تھا لیکن ابن مرجانہ پر اللہ کی لعنت ہو
اس نے اس انجام کو پہنچایا ۔ میں نے اس سے کہا تھا کہ امام حسین کو چھوڑ دے اور ان کو واپس جانے
دے مگر اس نے ایسا نہیں کرنے دیا ۔ میں نے اس سے یہ بھی کہا تھا کہ امام حسین کو میرے ہاتھ پر
بیعت کر لینے دے یا انکو کسی سرحد پر چلا جانے دے جہاں وہ اپنی تمام زندگی گزار دیں
مگر ابن مرجانہ نے اسکو نہ مانا اور امام حسین کو قتل کروا دیا اور مسلمانوں کا بغض میرے لئے
پیدا کر دیا اور ان کے دلوں میں عداوت کا بیج بو دیا ۔

اس کے بعد بھی کسی نوع کی فتح کا حساب ... اگر یزید نے کوئی فیصلہ امام حسین کے بعد بھی
سے کوئی بات ایسی کی [illegible] کیا تھا پھر بھی لہو و لعب اور شراب نوشی کی محفلیں میں برابر شریک
اس سے پتہ چلتا ہے کہ امام حسین اس کی ایک ناخوشگوار [illegible] تھی تا کہ لوگوں کا غم و غصہ جب سے
کم ہو جائے اور دنیا اس قتل عام کو بھی بھول جائے۔ مقام کربلا میدان جنگ نہ تھا بلکہ وہ ایک
قربان گاہ تھا جہاں انتہائی بے دردی سے قتل عام کیا گیا جس میں بوڑھے بچے اور عورتیں شامل
تھیں اسلئے یہ بھی انسانی لوح حافظہ سے محو نہیں کیا جا سکتا۔

فتح و شکست

مقصد کا حاصل ہونا فتح ہے۔ مقصد میں ناکامی کا دوسرا نام شکست ہے۔ مقابلہ جب ایک [illegible] ہو [illegible] سے بھی جیت اسکی ہوتی ہے جسے اپنا مقصد حاصل ہو جاتا ہے اور ہار اس کی ہوتی ہے جو اپنے مقصد سے محروم رہ جاتا ہے۔ یزید کا مقصد امام حسین سے بیعت حاصل کرنا تھا اسے وہ ایک لاکھ بیس ہزار فوج، پانی بند کرنے اور ہزاروں سختیوں کے باوجود بھی حاصل نہ کر سکا۔ اسلئے اسکی یہ صریح شکست ہوئی۔ یہ تو مقصد میں ناکامی کی شکست ہوئی اس شکست کے ساتھ اور بہت سی شکستیں یزید پر وارد ہو گئیں۔ اُس پر لعنت۔ اس کو بغاوتیں خود اسکے گھر میں اسکے لڑکے معاویہ دوم کی بغاوت۔ خاندان کی فریب کاریوں کا پول کھلنا حلیفوں اور مددگاروں کے جان کا [illegible] ٹوٹنا۔ بنی امیہ کے سلطنت کے زوال کا آغاز۔ بنی امیہ سے نفرت کی دیوار کھڑی کر دیا۔ خود یزید کا مذکورہ حصہ اعتراف اور اسکی صفائی۔ یہ باتیں کیا ان پڑھے لکھوں کو نظر نہیں آتیں جو یزید کی ظاہری فتح کا اپنے بیانات اور مقالات میں تذکرہ کرتے ہیں۔ موت کا نام شکست نہیں ہے۔ مارنے والے یا قاتل کا نام فاتح نہیں ہوتا جنگ کا فیصلہ جسکے حق میں ہو بس فتح اسی کی ہوتی ہے۔ بہت سے طالبعلم امتحان کا نتیجہ آنے سے پہلے مر جاتے ہیں اور نتیجہ نکلنے پر کامیاب طلباء کی فہرست میں انکا نام شائع ہوتا ہے ان مردہ طالب علموں کو کون فیل کہہ سکتا ہے حکم سنائے جانے سے پہلے اگر جیتا ہوا فریق مر جائے تب بھی فیصلہ اسی کے حق میں رہے گا

کربلا کی جنگ میں یزید یا اس کی فوج کو کسی حیثیت سے بھی فاتح کہنا تاریخ، ادب، منطق، علم نفسیات کے لحاظ سے گناہ کبیرہ ہے۔ یزید اور اس کی ٹڈی دل فوج بھوک، پیاس، گرمی، خوف زدوں اور کمزوروں کی قربانیاں، عورتوں اور بچوں کی پریشانیاں ان سب نے مل کر حسینؑ ابن علیؑ پر حملہ کیا اور ان کے منہ سے بیعت کے لئے ہاں نہ کہلوا سکے تو پھر فتح کس چیز پر پائی۔ ایک فدک کی ریاست اگر تھی جسے اللہ کے اور رسول کے لئے چھوڑ دی تھی۔ اس پر ضرور فتح پائی تھی۔ لاشوں کی چادروں پر ضرور فتح پائی تھی۔ سکینہ کے گوشواروں پر بیشک فتح پائی۔ لاش فرزند رسولؐ پر سے کپڑے جوتے کپڑے اتارنے میں عظیم الشان فتح پائی۔ مظلوموں کی لاشوں کو پامال کرنے میں ضرور کامیاب ہوئے۔ آل رسولؐ کو شہر بشہر تشہیر کرانے میں تھوڑی کامیابی جو ری پیچھے ضرور حاصل کرلی۔ ان فتوحات کو بھی ہم قابل غور سمجھتے اگر امیر مختار کی تلوار ان کا انتقام نہ لیتی۔ اس سے کہنا پڑتا ہے کہ یزیدیوں کی یہ فتوحات ان کی عظیم الشان شکست کا پیش خیمہ بن گئے۔ اب رہی آخرت کی سزا تو اسے خدا جانے۔ بیکس سیدانیاں ہی یزید کو اپنا خلیفہ مان لیتیں تب بھی یہ کہا جا سکتا تھا کہ یزید نے بعد شہادت حسینؑ فتح پائی۔ حسین ابن علیؑ کے گلوئے مبارک سے خون ناحق کا گرنا تھا کہ انقلاب آگیا۔ اور ایسا انقلاب آیا کہ یزید کو مقید جناب سید سجادؑ سے بیعت لینے کا خیال تک نہ پیدا ہو سکا۔

جادو وہ جو سر پر چڑھ کے بولے

حسینؑ کی شہادت کی نوعیت کسی چیز پر پردہ نہیں پڑنے دیتی۔ اب بنی امیہ کی بدفعلیاں فسق و فجور، شراب نوشی، زناکاری، عیش پرستیاں، مخرب اخلاق بد اعمالیاں، ظلم جبر و تشدد داخل اسلام نہیں ہو سکتے۔ قوانین الٰہی۔ ہندو، مسلمان، نصاریٰ، یہود، سکھ، پارسی نہیں ہو سکتے حسینؑ کی شہادت سے جو کہ اخلاقی اور معاشرتی قوانین الٰہی کی بے لاگ اور کھری مثالیں ملتی ہیں اسلئے ہر ایک فرقہ اور قوم کو اپیل کرتی ہیں۔ حسینؑ کی شہادت صرف انکی باعزت موت

کا یقین ہے بلکہ اسلام کی عزت اور عباب ادھی ہے اور یزید کی ذلت کی دوری۔ ذلت کی موت
اور تاقیامت ذلت کی یاد ہے۔ قریب تھے سال بھر جب یزید مرا اور اس کو بیٹا تخت خلافت
پر بٹھایا تو اس نے یہ خطبہ دیا:

لوگو! میں تم پر حکومت کرنے کا خواہش مند نہیں ہوں کیونکہ اس عظیم امور کی وجہ سے جو مجھے ناپسند ہیں۔ مجھے یہ بھی معلوم ہے کہ تم بھی مجھ کو ناپسند کرتے ہو کیونکہ ہم تو اسی طرح مبتلا ہو چکے ہیں اور تم ہمارے ہاتھوں۔ آگاہ ہو کہ میرے دادا معاویہ نے اس امر حکومت کے لئے اس سے جھگڑا کیا جو اُن سے اور ان کے علاوہ ہر ایک سے اس امر کے زیادہ حقدار تھے کیونکہ انھیں قرابت رسولؐ کا شرف حاصل تھا۔ ان کا فضل عظیم تھا۔ وہ تمام مہاجرین سے قدر و منزلت میں بزرگ تھے۔ ان کے سب سے زیادہ شجاع اور علم میں سب سے زیادہ تھے۔ ایمان میں سب اول۔ منزلت میں سب سے زیادہ باشرف۔ صحبت رسولؐ میں سب سے زیادہ قدیم۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ کے چچازاد بھائی ان کے داماد تھے جن کے ساتھ رسولؐ نے اپنی دختر کا نکاح کر دیا تھا۔ علیؑ کی پسند سے انکو فاطمہ کا شوہر بنا دیا تھا اور فاطمہ کی مرضی سے انھیں علیؑ کی زوجہ بنا دیا تھا۔ وہ نبی کے دونوں نواسوں کے باپ تھے جو دونوں جوانان جنت کے سردار تھے جو انکے فرزند تھے اور حسنینؑ کا تعلق تجزہ مبارکہ طیبہ طاہرہ سے تھا۔ ـــــ میرے دادا نے علیؑ کے ساتھ جو سلوک کیا تمہیں معلوم ہے اور خود تم نے انکے ساتھ کیا کیا اس سے بھی تم ناواقف نہیں ہو۔ یہاں تک کہ میرے دادا کے امور منظم ہو گئے جب انھیں موت آگئی تو وہ اپنی قبر میں تنہا اپنے اعمال کے ہاتھوں رہن ہو گئے انھیں نے وہ سب پا لیا جو وہ اپنے آگے بھیج چکے تھے اور وہ سب ان کے آگے آگیا جس کے وہ مرتکب ہوئے تھے اور جو کچھ انھوں نے زیادتیاں کی تھیں وہ سب دیکھ لیں۔ ـــــ پھر میرے باپ یزید کی طرف خلافت منتقل ہوئی اور اس نے تمہاری حکومت اختیار کی۔ اسی کی تمنا نے باپ کو بھی

تھی۔ میرا باپ بھی اپنی بداعمالیوں اور زیادتیوں کی وجہ سے خلافت کا اہل نہ تھا۔ وہ اپنی خواہشوں میں پڑ گیا۔ اور اپنی غلطیوں کو درست سمجھنے لگا۔ اس لیے بڑے اقدامات کیے۔ خدا پر جرأت کی۔ ان پر ظلم کیا جن کی عزت کرنے کے سبب مستحق تھے یعنی اولاد رسول۔ جس کے نتیجے میں اسکی مدت حیات کم ہو گئی اور اس کا نشان مٹ گیا اور اب اپنے اعمال کے ساتھ تنہا ہے۔ اپنے گڑھے میں پڑا ہے۔ اپنی خطاؤں کے ہاتھوں رہین ہے۔ اس کے گناہوں کا بوجھ اور انجام بد باقی رہ گیا ہے۔ جیسا اس نے کیا ویسا پایا۔ وہ اب نادم ہوا جبکہ ندامت اسے کوئی فائدہ نہ پہنچا سکتی ہم کو اسکے مرنے پر رنج کرنے کا موقع نہیں ملا کیونکہ ہم اس فکر و رنج میں مبتلا ہو گئے کہ اس کا انجام کیا ہوگا؟ کاش ہمیں معلوم ہو جاتا کہ اس سے کیا کیا سوالات کیے گئے اور اس نے جواب میں کیا کیا کہا؟ کیا اس پر اسکی بداعمالیوں کی وجہ سے عذاب ہو رہا ہوگا؟ کیا وہ اپنے کیے کی سزا پا رہا ہوگا؟"

یہاں تک تقریر کرنے پایا تھا کہ اس پر رقت طاری ہو گئی وہ بہت دیر تک چیخیں مار مار کے روتا رہا ـــــ پھر اس نے کہا اب میں قوم کا تیسرا بنا ہوں پہلا معاویہ۔ دوسرا یزید اور تیسرا معاویہ ابن یزید۔ مجھ سے جو لوگ ناراض ہیں وہ زیادہ ہیں اور جو راضی ہیں وہ کم ہیں میں تمہارے گناہوں کا بوجھ نہیں اٹھا سکتا۔ خدا مجھے اس حالت میں نہ دیکھے کہ میں تمہارے اعمال بد کا ذمہ دار ہوں اور ان کے انجام بد کے ساتھ بارگاہ خداوندی میں حاضر ہوں۔ اب تم جانو اور تمہارے معاملات۔ تو اس حکومت کو لے لو اور جسے پسند کرو اسے اپنا حاکم بنا لو میں نے تمہاری گردنوں سے اپنی بیعت اتار لی۔ والسلام

مروان زیر منبر بیٹھا ہوا تھا اس نے آواز بلند کہا کیا عمری سنت یہی تھی۔ یہ سنکر معاویہ ابن یزید نے کہا "دور ہو جا" کیا تو مجھے میرے دین کے معاملہ میں دھوکا دینا چاہتا ہے خدا کی قسم میں نے تمہاری خلافت کی شیرینی کبھی کو نہیں چکھا۔ بھلا میں اسکی تلخی کیسے گوارا کر سکتا ہوں۔ اگر خلافت کوئی نفع کی چیز ہے تو جو میرے باپ کے تو صرف گھاٹا ہی گھاٹا ہاتھ

لگا۔ اور کہنے لگا کہ بیٹا۔ اور اگر خلافت بری چیز ہے تب بھی سب باپ کے لئے
اتنا ہی کافی ہے جتنا وہ اٹھا گیا ——— تقریر کے بعد معاویہ منبر سے اتر کر گھر میں چلا
گیا۔ اسکی ماں یزید کی بیوی نے اس سے خفگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا تو پیدا ہی نہ ہوا ہوتا اور
میں نے تیرا ذکر نہ سنا ہوتا۔ اس نے کہا خدا کی قسم میں بھی یہی چاہتا تھا۔

معاویہ بن یزید کے اس اقدام کے بعد بنی امیہ نے اس کے استاد عمر مقصوص کو
گھیر لیا اور کہنے لگے تو ہی نے اسکو یہ سب سمجھایا اور پڑھایا ہوگا۔ اور اسکے دل میں علیؑ اور
اولاد علیؑ کی محبت بٹھا دی ——— عمر مقصوص نے جواب دیا: خدا کی قسم میں نے
کچھ نہیں کیا۔ وہ خود ہی فطرتاً علیؑ اور اولاد علیؑ سے محبت رکھتا تھا۔ اور ان نے اسکے عذر
و معذرت کو قبول نہ کیا بلآخر پکڑ لے گئے اور انہیں زندہ دفن کر دیا اسی عالم میں وہ دنیا
سے رخصت ہو گیا۔ بنی امیہ کی شقاوت اس حد تک پہنچ چکی تھی۔

یزید نے تو بھرے دربار میں اسلام کا آنحضرتؐ کا ڈھونگ بنایا تھا۔ اب اسی جیسے
بیٹا خود یزید کے بیٹے معاویہ دوم نے اپنے باپ اور دادا کے ڈھونگ کا پول بر سرِ منبر
مسلمانوں کے ایک بڑے مجمع میں کھول کر رکھ دیا۔ جیسا کہ یہ ابن ... کے ایام گذر پرباد
کی طرح ظالم اور گنہگار باپ کا خدا ترس بیٹا تھا۔

مظلوم کی شہادت سے متاثر ہو کر معاویہ دوم نے اپنے ضمیر کی آواز مسلمانوں کے
بڑے مجمع کو سنا دی۔ یہ ہے اپنے مقصد میں حسینؑ کی کامیابی۔ کہ دشمن اسلام ابو سفیان کا پوتا
دشمن علی معاویہ کا پوتا۔ دشمن حسینؑ یزید کا بیٹا یعنی خود معاویہ دوم دمشق کے اموی دربار میں
سر بر سرِ منافقین اسلام کو ایمان اور اسلام حقیقی کی تعلیم دینے لگا۔

حق کا بول بالا

ظلم کسی کو بھی پسند نہیں۔ ایک زبردست ظالم بھی وہ سروں کی مظالم
پر نفرت کا اظہار کرتا ہے اس وقت جب ملک یونان تہذیب اور تمدن

گوارہ بنا ہوا تھا عظیم سقراط اسی جرم پر کہ وہ دنیا کو انسانی کردار کی بد اخلاقی اور بد اطواری سے متنبہ کر رہا تھا اور ان کو نیک ہدایات دے رہا تھا گرفتار کر لیا گیا۔ عدل وانصاف کی عدالت میں اس کا مقدمہ پیش کر دیا گیا۔ ہدایت کو اس عہد کے لوگ جرم سمجھتے تھے اسلئے گواہیوں سے وہ مجرم قرار دیا گیا۔ عدالت نے موت کی سزا دی۔ زہر پلا کر ختم کیا دو ہزار برس گزر گئے یونان کو ہوش آیا تو کہا سقراط کی سزائے موت یونانیوں کی عدالت پر ایک نہایت بدنما دھبہ ہے اس کا تدارک کرنا چاہیئے سقراط کو مرے ہوئے دو ہزار برس سے زیادہ گذر چکے ہیں اب کیا ہو سکتا ہے منصف مزاجوں نے کہا کہ ہاں وہ تو زندہ نہیں ہو سکتا لیکن ہم اعتراف گناہ تو کر ہی سکتے ہیں۔ چنانچہ سقراط کے مقدمہ کی پھر سے سماعت شروع ہوئی۔ گواہوں نے اسکی صفائی پیش کی اور عدالت نے سقراط کو بری کیا بیشک یہ یونانی عادل تھے اور سقراط کو زہر پلانے والے ظالم تھے۔

شہادت حسین نے ایسا ہی کام ایک بنی امیہ کے خلیفہ عمر ابن عبد العزیز میں کیا۔ آپ ستمبر ۷۱۷ء میں تخت نشین ہوئے آپ نے دیانت عدل اور سادگی میں شہرت پائی۔ آپ نے یہودیوں اور عیسائیوں کی چھینی ہوئی عبادت گاہیں واپس کر دیں۔ آپ نے فدک کی ریاست کو جسے خود ان کی والدہ کے دادا نے رسول کی بیٹی جناب فاطمہ کو محروم کرا دیا تھا اہلبیت کو بحال کر دی۔ حضرت علی پر تبرہ جسے ان کے سگے دادا معاویہ نے رائج کیا تھا اس کو حکماً بند کرا دیا معمولی سے ظلم پر بہت سخت سزائیں دیتے تھے ان کا حشر جسٹس امیر علی سے سنئے۔ وہ لکھتے ہیں:

"حضرت عمر بن عبد العزیز کی عام پسند حکومت سے اموی امیر بڑے نالاں تھے انھیں اندیشہ تھا کہ اس طرح سے سیاسی اقتدار ان کے ہاتھوں سے نکل جائے گا۔ چنانچہ انھوں نے خلیفہ عمر بن عبد العزیز کے خلاف سازش کی۔ آپ کو زہر دیا گیا۔"

یہ قیاس کہ بنو ہاشم اور بنو امیہ کے درمیان خاندانی عداوت تھی ایک گروہ کی حماقت ہے

بنو ہاشم کو بنو امیہ سے کوئی دشمنی نہ تھی۔ بنو امیہ کو سیاسی اقتدار حاصل کرنے کے لئے ہر اس شخص سے دشمنی تھی جس سے ان کو اپنے اقتدار کے زائل ہونے کا ذرا سا بھی گمان پیدا ہو جاتا تھا چاہے وہ بنی ہاشم میں سے کوئی فرد ہو یا خود ان کے خاندان امیہ میں سے کوئی فرد ہو۔ حتی کہ انہوں نے اپنے خاندان کے منصف مزاج خلیفہ معاویہ دوم اور خلیفہ عمر ابن عبد العزیز کو بھی زہر دے کر مار ڈالا۔

اسلام کیسے پھیلایا گیا

تعلق اور اقتدار کے دوام کے لئے بچاری بنو امیہ نے مسلمانوں کے حامی دین اسلام کو اپنے اپنے مسلک گیری میں لے لیا

حالت کفر میں بھی اقتدار کے لئے بنو امیہ نے نمائشی خیرات کی جب نسب میں بنی ہاشم سے مقابلہ کیا کفار کا سرغنہ بنایا۔ مسلمانان مدینہ پر چڑھ دوڑنے حملے کرائے آنحضرت سے احد۔ بدر۔ خندق وغیرہ کی لڑائیاں لڑوائیں۔ وہی اقتدار اسلام کو قبول کر لینے سے حاصل ہو گیا۔ اب وہ اسلام کے نام پر ملک فتح کرنے لگے۔ شام کا ملک فتح کر کے معاویہ اس کا گورنر بنا۔ ادھر عثمان نے ابو سفیان کے مشورے سے بنی امیہ کو اپنی خلافت کی ریڑھ بنایا۔ قتل عثمان کے بعد معاویہ نے خلیفہ وقت حضرت علی سے بغاوت کی آخر میں مسند رسول کا وارث اور حضرت محمد کا عزیز قریب اور جانشین بن بیٹھا۔ پھر حسین کے انکار بیعت سے یزید نے پنجتن کا خاتمہ کیا۔ اور نبی کو ناکام کرنے کے بعد بھرے دربار میں اعلان کر دیا کہ اسلام ایک ڈھونگ تھا۔ بنی امیہ سابقین اسلام اور ایمان لوگوں کے دشمن تھے۔ مسجدوں کے منبر پر حضرت علی پر تبرا کے لئے مخصوص کر دئیے تمام سلطنت کی آمدنی سے رعایا کی فلاح و بہبود کے لئے نہ کوئی قابل ذکر رفاہ عامہ کے کام کئے اور نہ علوم و فنون کی درسگاہیں قائم کیں جس سے ذرا بھی خطرہ کا اندیشہ ہوا اسکا زہر اور خنجر سے خاتمہ کیا۔ ان دشمنان عدل و انصاف۔ مخالفین رحم و رواداری نے خود اپنے خاندان کے دو نیک سیرت خلیفہ معاویہ دوم اور عبد العزیز کو زہر سے مار ڈالا۔ غرضیکہ ظلم جسے اسلام مٹانے آیا تھا اسی کو اسلام کا طرۂ امتیاز بنا دیا۔ تلوار سے بنی امیہ نے

اپنے اقتدار کو بڑھایا اور تمام بدنام ہوا اسلام کا۔ اسلام کی تعلیم اخوت، رواداری، مواسات، عدل و انصاف کو طاق نسیاں پر رکھ کر بربریت اور سفاکی کے مظاہرے کئے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ دوسری قوموں کی نظر میں آج اسلام نام ہے ظلم و تشدد، جنگ اور خونریزی کا۔ عیسائی مورخین، مستشرقین اور مبلغین نے غضب یہ کیا کہ اسلام کو بدنام کرنے کی غرض سے منافقین ہی کو مسلمانوں کی حیثیت سے پیش کر دیا جس سے غلط فہمی اور زیادہ ہو گئی۔ اب اسلام کو تلوار کا مذہب کہا جانے لگا۔

اسلام کا مشن

طاقت میں دنیا کی ہر قوم اور فرقہ کو متحد کرنا، کرۂ ارض کو امن کا گہوارہ بنانا، جیو اور جینے دو کا مسلک، اقلیتوں کی حفاظت، عدل و انصاف، مواسات، رواداری اور اخوت و محبت اسلام کا مشن ہے۔ اس مذہب کی تبلیغ بحکم خدا حضرت محمدؐ نے ملک عرب سے شروع کی جہاں ضروریات زندگی کمی اور ہزاروں بتوں کی پوجا ہوتی تھی اور جنگ و جدل شدت سے تھی۔ مسلمان وہ جس کے ہاتھ یا زبان سے کسی کو نقصان نہ پہنچے اس اصول کا پابند بنا کر وحشی عربوں کو متمدن اور مہذب بنایا۔ خود آنحضرت نے کبھی ابتداءً جنگ نہ کی۔ مدینہ کے مسلمانوں پر یورش کرنے والوں کا کبھی تعاقب نہ کیا۔ حدیبیہ میں دب کر صلح کی۔ فتح مکہ پر تمام ایذا رسانیوں کو بھلا دیا۔ یہودیوں، عیسائیوں وغیرہ کو مساوی حقوق دیئے۔ ان کی جان و مال، عورتوں اور عبادتگاہوں کی حفاظت کا مسلمانوں کو پورا ذمہ دار بنایا۔ اسی سیرت کی پابندی حضرت علیؑ نے بھی کی۔ ابوسفیان نے جب حق خلافت کے لئے آپ کو ورغلانے کے لئے ابھارا تو آپ نے اسے دھتکار دیا۔ تیسری مرتبہ جب شیخین کی ملک گیری کی سیرت پر عمل کرنے کی شرط پر آپ کو خلافت دی جانے لگی تو آپ نے اس پر عمل کرنے سے انکار کیا۔ اور خلافت ایسے منصب جلیلہ پر ٹھوکر مار دی کیونکہ آپ ذاتی مفاد کی خاطر دنیا کو جنگ کی بھینٹ چڑھانا نہیں چاہتے تھے۔ حضرت علیؑ کی وہی ذوالفقار جس نے زمانہ رسولؐ میں تمام دفاعی لڑائیوں کو سر کیا تھا وہ ملک گیری

حالات میں کبھی بھی یہ پیغام نہ ہوتی۔ بلکہ آپ اسی زمانے میں مدینہ میں باب آل اطہار حضرت علی علم کے دریا
جانتے تھے۔ شہادت کے وقت اپنے قاتل کو بھی شربت پلوایا۔ آپ کے بعد حضرت امام حسن نے صلح حدیبیہ
کے اصول پر معاویہ سے صلح کر لی۔ جب حضرت امام حسنؑ زہر دغا سے شہید کر دیئے گئے تو حضرت حسینؑ
ابن علیؑ نے دیکھا کہ معاویہ اور یزید نے نانا کی تعلیم کو باطل کیا تمام غیرت نابود کر دیا ہے اور یزید کی
کی تائید اور تصدیق کے لئے مجبوری کے حق میں بیعت حاصل کی جا رہی ہے اس وقت آپ
اہل بیت کی جانیں اور صحابیوں کی خون ریزی اور کوئی کوتاہی سے محفوظ رکھنے کی غرض سے
ارض کربلا پر تشریف لائے آپ نے سفر کی ہر منزل پر اپنے ہمراہیوں کو اپنی موت کا یقین دلایا
ہوا کہ پر اپنے مقصد کو صاف الفاظ میں واضح کیا کہ یزید کو مار کر اس سے ملک و تخت کو چھینا نہیں
ہے بلکہ اپنی شہادت کے ذریعہ اٹھے منافقین کو مومن مسلمانوں کو صراط مستقیم پر اور بیدینوں کو
دین دار بنانا ہے۔ فرزند رسولؐ اپنی مہم میں کامیاب ہوئے قلعۂ منافقت منہدم ہو گیا۔ خود یزید
نے اشک ندامت برسائے اور خود اسکے بیٹے معاویہ دوم نے منبر پر سے حق کا اعلان کیا۔ اور
اس خلافت پر تھوک کر دی جو سیرت شیخین پر قائم کی گئی تھی جس کا سلسلہ ہمارے یزید تک
نانا نے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو پہونچے انہوں نے اپنے دشمنوں اور قاتلوں کے ساتھ بھی اچھا برتاؤ کیا
جنگ صفین میں معاویہ نے حضرت علیؑ کے لشکر پر پانی بند کیا۔ لیکن حضرت علی نے گھاٹ پر قبضہ کرکے
معاویہ کی فوج پر پانی بند نہ کیا۔ فوج یزید نے فرزند رسولؐ اور انکے جنرل ساتھیوں کو تین دن کا بھوکا
پیاسا شہید کیا لیکن اس شامی فوج کو جو مدینہ کے قریب پیاسی تھی پانی کی مشکیں دینے والی تھی علی ابن حسینؑ
نے پانی اور رسد پہونچائی۔ اعلیٰ تربیت کردار۔ انسداد فساد اور قیام امن کی اس عظیم تعلیم کو منافق
مسلمانوں نے اسلام میں داخل ہو کر بالکل مسخ کر دیا۔

اگر حسین ابن علی بیعت کر لیتے تو کیا ہوتا

یزید کا یہ کہنا کہ اسلام حضرت محمد کا ڈھونگ تھا۔
بالکل سچ ہو کر رہتا۔ حضرت علیؑ پر تبرہ ہو رہا تھا اور سب لوگ ٹھنڈے دل سے سن بھی رہے تھے

یزیدی فی دہ چار پشتوں کے بعد جب اولاد اصحاب انصار رسول کا بھی خاتمہ ہو جاتا تو سب تحریر میں حضرت علی کیساتھ
حضرت محمد بھی شریک کرلئے جاتے۔ نہ شیعہ ہوتے اور نہ سنی۔ یزیدی مذہب ہوتا اور اسکے دو فرقے ہوتے
ایک یزید کو معبود اور دوسرا اسے نبی مانتا۔ ائمہ سب طاق نسیاں پر ہوتے اور انکی جگہ پر مہیات اور گر
بنجاتے۔ اور قرآن کی جگہ انجیل و دوسرے آسمانی صحیفے عام طور سے سمجھے جاتے۔ انھیں کے
حافظ اور مفسر ہوتے۔ آج تیرہ سو پندرہ برس بعد باوجود یزید پر لعنت کے قصبہ شیخاں میں تیس
ہزار آدمی یزید بن معاویہ کی پرستش کر رہے ہیں۔ حسین ابن علی کی بیعت کے بعد تو سب یزیدی ہی
ہوتے۔ بیشک حضرت حسین ابن علی نے انسانیت پر بالعموم اور مسلمانوں کے بہتر فرقوں پر بالخصوص
بڑا احسان کیا۔ پس ناجی وہ مبارک بندے جو فرزند رسول کو اپنا رہبر بنائے ہوئے ہو

امن عالم

اگر خلافت کے معنی ملک گیری اور بادشاہت کے تھے تو
خلافت شیخین کامیاب ہوئی۔ اگر خلافت کے معنی تبلیغ اسلام میں رسول کا ہاتھ بٹانے کے تھے تو
حضرت علی نے دعوت ذوالعشیرہ کے موقع پر جو وعدہ کیا تھا اسے پورا کیا اور اسکی تصدیق میں حضرت
عمر فرماتے ہیں کہ اگر علی نہ ہوتے تو عمر ہلاک ہو جاتا۔ اگر جانشینئ رسول کے معنی اذکیا کو قتل کرنا اور
اسلام کو رسول کا ڈھونگ سمجھنا تھا تو بیشک یزید کامیاب ہو گیا۔ اور اگر نیابت رسول اور امامت کے
معنی گمراہوں کو صراط مستقیم پر لگانا تھے تو فی الحقیقت حضرت حسین ابن علی کامیاب ہوئے اور اسکی پہلی
تصدیق حضرت حر نے اپنی شہادت سے پیش کی اور خود یزید کے بیٹے نے بھرے دربار میں منبر یزید
پر سے اعلان حق کیا۔ دنیا والو! اولاد رسول کے سروں کو تاج شاہی سے خالی دیکھ کر انکو
ناکام نہ کہو ان کا فریضہ ہدایت خلق تھا کسی تخت شاہی پر بیٹھ کر جلوہ نمائی نہ تھی۔ انھوں نے اپنے
غرض خلقت کو بہادری سے پورا کیا۔ اسی لئے انکے سروں پر شہادت کے تاج ہیں۔ حضرت محمد دنیا میں
امن و شانتی اور معاشرتی نظام انھیں اصول پر قائم کرنا چاہتے تھے جن کے اساس پر [illegible]
قائم ہوئی تھی آنحضرت کی محنت کو بنی امیہ کی اقتدار پسندی کی سیاست نے تباہ و برباد کیا اور ایک

لیگ آف نیشنس کی قیام امن کی کوششوں کو ہٹلر اور مسولینی وغیرہ کی اقتدار پسندی نے تباہ کرکے دوسری ہولناک جنگ کے شعلے بھڑکا دیئے۔ اگر آنحضرت کے اصول برائے قیام امن کارآمد نہیں تھے تو پھر انھیں اصولوں پر آج حفاظتی کونسل کیوں قائم کی گئی ہے۔ بے شک یہ بھی بس اسی وقت تک عمدہ برآ رہے گی جب تک کہ دنیا کی لیڈری کا جنون جوش میں نہیں آتا ہے۔ اب اگر آپ دنیا کو تیسری ہولناک جنگ سے محفوظ رکھنا چاہتے ہیں تو حسینؑ ابن علیؑ کی طرح دنیا کی لیڈری کے مجنونوں کی بیعت کسی قیمت پر نہ کریں۔ دنیا یقیناً اب بھی کربلا ہے اس وقت اسلحہ کی جنگ سے زیادہ مہلک اقتصادی جنگ کے شعلے بھڑکے ہوئے ہیں ان سب فسادات کے انسداد کی بس ایک ہی صورت ہے جسے ذبح ہوتے وقت حسینؑ ابن علیؑ نے سمجھے کہا تھا یعنی جس وقت دنیا کی ہر فرد میں یہ احساس پیدا ہو جائے گا کہ میرے ہاتھ یا زبان سے کسی کو نقصان نہ پہنچے تو اسی وقت بین الاقوامیت کا خواب شرمندۂ تعبیر ہوگا۔ یقیناً حضرت حسینؑ ابن علیؑ کے نقش قدم پر چل کر اس بلند اور اعلیٰ کردار کی تربیت ممکن ہو سکتی ہے جسے اہنسا کہا جاتا ہے۔ یہی کمال انسانیت ہے۔ تکمیل انسانیت کے بعد ایمان کی منزلیں اور مدارج شروع ہوتے ہیں جس کی راہ میں منارۂ ہدایت واقعات کربلا ہیں۔ **بے شک حسینؑ کی محبت سے ایمان پختہ ہوتا ہے جسکی ظاہری علامت گریہ و بکا ہے۔"**

آسان ہندی کو ہزاروں اردو داں حضرات از خود بغیر کسی پنڈت کی مدد کے ایک گھنٹہ روز پڑھ لکھ کر صرف دس ہی دن میں ہندی داں ہوگئے آپ بھی فائدہ اٹھائیں۔ قیمت صرف دو آنے ۲/
ملنے کا پتہ ...... سید علی اکبر شمیم۔ کنکر کنواں لکھنؤ



ساتویں صدی عیسوی میں دنیا کی سب سے بڑی
سلطنت کے حدود جس کے تاجدار یزید نے
نواسۂ رسولؐ کو تین دن کا بھوکا پیاسا شہید کیا۔